کنبھ۔ اس راشی والوں کو شنی کا پایہ چاندی کا ہونے سے شبھ ہے۔ کچھ بگڑے ہوئے کام بنیں گے۔ سال کے بیشتر حصہ میں اولاد کا سکھ حاصل رہے گا۔ سوچے ہوئے منصوبوں میں کامیابی ملے گی۔ عہدے میں ترقی اور دھن لابھ۔ یہ بھی لوگ میں امین شنی اگرچہ دسویں گھر میں شبھ ہے۔ مگر اس کا پایہ لوہا کا ہونے کی وجہ سے جسم کو تکلیف مگر گزارے لائق دھن حاصل ہوتا رہے گا۔ کاروبار میں تبدیلی اور روکاوٹوں کے باوجود کچھ حد تک کامیابی حاصل ہوتی رہے گی۔ کسی عزیز سے تکرار ہونے کے بھی یوگ ہیں۔

۲۱ مارچ ۱۹۹۰ء سے شنی مکر راشی میں داخل ہو گا۔ میکھ وغیرہ مختلف راشیوں اس کے شبھ اور ناقص اثر کا پھل سال ۱۹۹۰ء کی مفید عالم جنتری میں درج کریں گے۔

شنی کا پایہ و چار (دھن راشی میں قیام کے دوران سنیچر کا دوسری راشیوں میں پایہ کا اثر اس طرح سے ہو گا:۔)

میکھ راشی	برکھ راشی	متھن راشی	کرک راشی	سنگھ راشی	کنیا راشی
پایہ تانبہ	سونا	چاندی	لوہا	تانبہ	چاندی

سنیچر کے بُرے اثرات

سنیچر کے بُرے اثرات کو ختم کرنے کے لئے سنیچر کے ویدک منتر کا جاپ کرے۔ ہنومان کی پوجا کرے۔ شنی وار کو سنیچر کی شنتی کا پاٹ سنا۔ سات اناجوں کا دان۔ مچھلیوں۔ پرندوں۔ کیڑے مکوڑوں کو سنیچر وار کو سرسوں کا تیل ڈالنا چاہیئے۔ کالے ماش۔ تیل۔ کالے رنگ کا کپڑا۔ تاریل تل۔ تیل وغیرہ چیزیں یا کالی گائے دان کرنا۔ مہامرتیونجے منتر کا پاٹھ کرنا شبھ ہے۔ سنیچر کو شانت کرنے کا ایک منتر ہے۔ اوم شنم سنیچرائے نمہ

ناقص گرہوں کی شانتی کیلئے کارآمد نگینے کس راشی والے شخص کو کونسا نگ پہننا چاہیئے؟

میکھ — برشچک — متھن — کنیا — برکھ — تُلا — کرک — سنگھ — مکر — کنبھ — دھن — مین

مونگا — پنّا — ہیرا — موتی — مانک — نیلم — پکھراج

ناقص گرہوں کے بُرے اثر کو دُور کرنے اور شبھ گرہوں کے اثر میں اضافہ کرنے کے لئے صحیح گرہ نگ بہت مفید اور کارآمد ثابت ہوتے ہیں۔ صحیح اور ٹھیک نگ جہاں دُنیاوی خوشحالی میں مددگار ہوتے ہیں وہاں کئی قسم کے لاعلاج دماغی اور پیچیدہ امراض میں بھی فائدہ مند ہوتے ہیں۔ مگر غور کریں کہ لاپرواہی سے غلط اور خراب نگ دھارن کر لینے سے کئی دفعہ فائدہ ہونے کی بجائے نقصان ہونے کا اندیشہ بڑھ جاتا ہے۔ غلط یا خراب نگ دھارن کرنیکی نسبت نگ دھارن نہ کرنا زیادہ بہتر ہے۔ صحیح نگ دھات وغیرہ چُن لینے کے بعد متبرک (پاک) مہورت میں نگ کے مطابق منتر پڑھتے ہوئے دھارن کرنے سے نگ کے اثرات دوگنے ہو جاتے ہیں۔ آپ اپنی جنم کُنڈلی کی بنا پر صحیح نگ کی جانکاری اور پہننے کا طریقہ جاننے کے لئے پندرہ روپے کا منی آرڈر بھیج سکتے ہیں۔ مزید نگوں کو پہننے کا طریقہ نیچے درج کیا جا رہا ہے۔

(پنّالال جیوتشی)

۱ مانک

اس کو سورج بینی بھی کہتے ہیں۔ سندھوری اور سُرخ رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کو سورج گرہ کی شانتی کے لئے اتوار کو سونے یا تانبے کی انگوٹھی میں انامیکا انگلی میں پہننا چاہیئے۔ اتوار کو پکھ کرتیکا اترا کھاڑا یا اترا پھالگنی نکشتر ہو تو زیادہ اچھا ہے۔ مانک پتھر لگی انگوٹھی پر "اوم گھرینی سوریائے نمیہ" اس بیج منتر کا پاٹھ کرنا چاہیئے۔ مانک تیز بخار، سردرد، بواسیر اور آنکھوں کی بیماری کے لئے شبھ ہے۔

۲ موتی

یہ چاندنی ہے اس کو شکل پکھ کے سوموار یا پورنماشی کے روز چاندی کی انگوٹھی میں جڑوا کر چھوٹی انگلی میں دھارن کرنا چاہیئے۔ روہنی ہست یا شرون نکشتر شبھ ہیں کم از کم چار رتی کا وزن ضرور ہونا چاہیئے۔ پیٹ کی بیماری، دانت کی بیماری، دل کی بیماری اور بلڈ پریشر وغیرہ بیماریوں میں فائدہ مند ہے موتی پتھر کا کمتر چندر کانت ہے۔

۳ مونگا

لال سندھوری رنگ کا ہوتا ہے یہ منگل گرہ کی نمائندگی کرتا ہے ۸ رتی کا مونگا منگلوار کو مرگشرا چترا یا دھنشٹھا نکشتر میں یا مکر راشی کے چندرماں میں دھارن کرنا چاہیئے۔ اس کو سونے یا تانبے کی انگوٹھی میں منگل کا بیج منتر پڑھ کر دائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی میں دھارن کرنا چاہیئے۔ منتر اس طرح ہے۔ اوم بھوم بھومائے نمیہ۔ مونگا مصفا خون معدے کی کمزوری سے پیدا شدہ بیماریوں جسمانی اور ذہنی کمزوریوں کیلئے مفید ہے۔

۴ پنّا

گہرے سبز رنگ کا بدھ گرہ کا نگینہ ہے اس کو چاندنی پکش کے دوران بدھوار اشلیکھا، جیشٹھا یا ریوتی نکشتر میں پہنیں یہ چھ رتی کے وزن کا ہو تو زیادہ اثردار ہوتا ہے اس کو سونے کی انگوٹھی میں دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہننا چاہیئے۔ پہننے سے قبل بدھ گرہ کے بیج منتر کی کم از کم ایک لاکھ مالا کر لینا شبھ ہے۔ پنا دھاری شخص پر جادو ٹونے کا اثر نہیں ہوتا۔ عقل تیز ہوتی ہے

۵ پکھراج

یہ نگینہ برہسپت گرہ کی نمائندگی کرتا ہے۔ سفید اور پیلے دونوں رنگوں میں ملتا ہے اس کو اپنی راس کے مطابق پنربس وشاکھا یا پوربا بھادرپد انکشتر کے وقت برہسپتی وار کی صبح طلوع آفتاب کے وقت سونے کی انگوٹھی میں ترجنی (انگوٹھے کے ساتھ والی) انگلی میں دھارن کرنا چاہیئے۔ اسکا بیج منتر اس طرح سے ہے اوم گرانگ گرینگ گرونگ گورو سے نمیہ کم از کم پانچ رتی کا پکھراج بہتر ہوتا ہے۔ یہ نگینہ علم طاقت، عقل اور اولاد کے سکھ کے لئے بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔ عورتوں کی خوشنما بیاہتا زندگی کے لئے خاص طور پر اچھا ہے۔

۶ ہیرا

شکر گرہ کی شانتی کیلئے ہیرا پہنا جاتا ہے اسکا وزن ۲ سے ۷ رتی تک ہونا چاہیئے۔ اسکو شکروار کے روز بھرنی پوربا پھالگنی یا پوربا کھاڑا نکشتر کے وقت پلاٹینم کی انگوٹھی میں جڑوا کر شبھ مہورت میں دھارن کرنا چاہیئے اسکا بیج منتر ہے اوم پرانگ پرینگ پرنگ سبیہ شبیہ نمیہ۔ اگر ہیرا پہننا ممکن نہ ہو تو سفید گومیدھ پہن سکتے ہیں۔ ہیرا دھارن کرنے سے عورت کا سکھ طاقت مال بعدے کی خرابی اور اندرونی پیچیدہ بیماریوں میں راحت حاصل ہوتی ہے۔

۷ سنیچر رتن نیلم

یہ نگینہ نیلی شعاعوں والا پار درشی ہوتا ہے نیلم پنج دھاتو یا سونے کی انگوٹھی میں کم از کم چار رتی کا ہونا چاہیئے۔ اسکو سنیچروار کو درمیانی انگلی میں پکھ انورادھا یا اترا بھادرپد نکشتر میں دھارن کرنا چاہیئے۔ اسکا بیج منتر اوم شم سنیچرائے نمیہ ہے اصلی نیلم چند گھنٹوں میں ہی اثر دکھاتا ہے اگر کوئی حادثہ، آنکھوں میں درد یا ڈراؤنے خواب آئیں تو اس کو جلد اتار دیں۔ صحیح نیلم پہننے سے اچانک دولت کا فائدہ خون و آنکھ کی بیماری میں مفید ہوتا ہے۔

۸ گومیدھ

یہ نگینہ راہو کے ناقص اثر کو دور کرتا ہے چار سے سات رتی کا گومیدھ سواتی ست بھیکھا یا آردرا نکشتر میں لوہے کی انگوٹھی میں جڑوا کر سنیچروار کو راہو کا بیج منتر پڑھ کر شبھ مہورت میں پہننا چاہیئے۔ دیکھنے میں یہ الو کی آنکھ کی طرح لگتا ہے وکالت اور سرکاری محکموں میں ترقی بیماری سے راحت اور دشمنوں سے نجات پانے کے لئے بھی اس کا استعمال اچھا ہوتا ہے۔

۹ لہسنیا

یہ نگ کیتو گرہ کی نمائندگی کرتا ہے یہ نگینہ اندھیرے میں بلی کی آنکھ کی مانند چمکتا ہے اس کو بدھوار کے روز کم از کم چار رتی کے وزن کا پنج دھاتوں کی انگوٹھی میں چھوٹی انگلی میں پہننا چاہیئے اس روز اشونی مگھا یا مولا نکشتر ہو تو شبھ ہے اس کو پہننے سے بھوت وغیرہ کا اثر نہیں ہوتا۔ یہ نگ اولاد سکھ دولت میں اضافہ اور دشمن کی تباہی میں فائدہ مند ہے۔ زیادہ جانکاری کیلئے

رتن اور جیوتش

نام کی کتاب ہندی میں ۲۱/- روپے بھیجکر منگوا سکتے ہیں۔

پنڈت پنّالال جیوتشی۔ اڈہ ہوشیارپور۔ جالندھر سٹی

دِشا شول وچار

نیچے لکھے واروں اور نچھتروں میں اُن کے سامنے والی دِشا میں سفر کرنے سے دشا شول کا دوش لگتا ہے۔ اِن دنوں سفر کرنے سے ناقص حالات پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ بہت ضروری ہونے پر اس وار کے متعلق چیز کو کھانے سے دشا شول کچھ حد تک دُور ہو جاتا ہے جیسے اتوار کو گھی۔ سوموار کو دُودھ۔ کھیر۔ منگلوار کو گُڑ۔ بدھوار کو تیل وتل۔ ویروار کو دہی۔ شکروار کو کچا دُودھ یا جون۔ سنیچروار کو تل وماش (اڑد) کو کھا کر اس دِشا میں سفر کرنے سے دِشا شول نہیں رہتا ہے۔

نقشہ دِشا شول ونچھتر شول

نام وار	دشا شول	نچھتر خاص میں دوش
سوموار سنیچروار	مشرق (پُورب)	جیشٹا
منگلوار بدھوار	شمال (اُتر)	اترا پھالگنی
ویروار	جنوب (دکن)	پوربا بہادر پد
شکروار اتوار	مغرب پچھم دشا	روہنی
بدھوار سنیچروار	مشرق شمال (پورب اُتر)	جیشٹا۔ اُترا پھالگنی
بدھوار اتوار	شمال۔ مغرب اُتر پچھم	اُترا پھالگنی
سوموار ویروار	جنوب مشرق دکھن پورب	جیشٹا۔ پوربا بہادر پد
ویروار شکروار	جنوب مغرب دکھن پچھم	روہنی۔ پوربا بہادر پد

گھوڑ دوڑ میں ہار جیت کا سوال

گھوڑ دوڑ میں عموماً پانچ رنگ کے گھوڑے ہوتے ہیں۔ سفید۔ سُرخ۔ زرد۔ ڈبکھڑبا اور کالا۔ دوڑ کے وقت آپ پانچوں رنگوں کی گولیاں بنالیں۔ اور دوڑ کے وقت ایک گولی نکال لیں جس رنگ کی گولی نکلے اُسی رنگ پر بازی کا عنصر غالب رہیگا۔ دوسری ترکیب میں جس وقت پر جس ستارے کی ساعت ہوگی۔ اُسی رنگ کا گھوڑا نکلیگا۔ اور وہی دوڑ میں غالب رہیگا۔

سیارہ	وار	رنگت	سیارہ	وار	رنگت	سیارہ	وار	رنگت
سورج چندرماں منگل	اتوار سوموار منگلوار	سرخی مائل سفید سُرخ	بدھ برہسپت	بدھوار ویروار	ڈبکھڑبا پیلا	شکر سنیچر	شکروار سنیچروار	سفید کالا

آج کا دِن کیسا گزریگا



جس روز معلوم کرنا ہو کہ آج کا دن کس طرح گزرے گا۔ تو اس دن جنتری میں اپنے نام کا نچھتر دیکھیں۔ بعد ازاں اس روز کا نچھتر نقشہ میں نمبر ایک پر لکھے۔ پھر ترتیب وار نقشہ پُر کر کے دیکھیں کہ آپ کے نام کا نچھتر دائرہ کے اوپر کس جگہ پر آیا ہے۔ اگر آپ کے نام کا نچھتر دائرہ کے اوپر ہُوا ہے تو خوش نصیب ہو کر لابھ ہوگا۔ اگر دائرے کے باہر پڑا ہو۔ تو نصف حصّہ خوشی اور نصف فکر و غم میں گزریگا۔ اگر آپ کا نچھتر ترشول کے اوپر پڑے تو تمام دن غم و فکر۔ بیماری۔ نقصان اور لڑائی جھگڑے میں گزریگا۔

سفر کے لئے فالنامہ

جب سفر کا ارادہ ہو۔ تو پاک وصاف ہو کر اپنے اشٹ دیو کا دھیان کر کے اور آنکھیں بند کر کے کسی ایک خانہ پر اُنگلی رکھیں۔ اور نتیجہ مندرجہ ذیل عمل کریں۔

۱۳	۱۴	۱۵
۱۹	۱۶	۱۱
۱۷	۱۸	۱۲

۱۲۔ سفر آمدن اور خرچ کے لحاظ سے برابر ہوگا ۱۳۔ جسم کو تکلیف چوٹ یا الزام لگے۔ ۱۴۔ نیک ساعت میں سفر کریں۔ ۱۵۔ سفر مبارک رہیگا۔ ۱۶۔ سفر کے لئے اچھا۔ ۱۷۔ سفر مفید نہیں۔ ۱۸۔ یہ سفر بہت اچھا۔ ۱۹۔ سفر میں خرچ ہوگا۔ مگر مُراد پوری ہوگی۔ ۱۱۔ یہ سفر مفید رہے گا۔

چاروں یُگوں کا بیان

چار یُگ ایک بار گزر جانے پر برہما کا ایک دِن ہوتا ہے۔ انہی دنوں کے پرمان سے برہما کی آیو ۱۰۰ برس کی ہوتی ہے۔ اس وقت برہما کی آیو ۵۰ برس گزر کر ۵۱ برس کے پہلے دِن کا طلوع ہو کر ۱۳ گھڑی ۴۲ پل ۳ پل ۴۳ پرتی و پل گزر چکے ہیں۔ برہما کے ایک دن میں ۱۴ منو ہوتے ہیں۔ اور ایک منو میں ۷۱ مہایگ ست یُگ ہوتے ہیں کارتک شدی نومی بدھوار کو پہلے شرون نچھتر بردھی یوگ میں ست یوگ کا آغاز ہُوا۔ اس کی آیو ۱۷۲۸۰۰۰ برس کی تھی۔ اس میں شری وشنو۔ متسیہ۔ کورم۔ وراہ اور نرسنگھ یہ چار اوتار ہوئے۔ متسیہ نے ویدوں کے چور شنکھاسُر کو مار کر برہما کو وید لا کر دیئے۔ وراہ نے جل اُدھار کیا۔ کورم نے پرتھوی کی رکشا کی۔ اور نرسنگھ نے ہرنیہ کیشپ کو مارا۔ اس یُگ میں منشیہ کی اوسط آیو ایک لاکھ سال تھی۔ بالک اوستھا دس ہزار سال اور شریر کی لمبائی ۲۱ ہاتھ تھی۔ پنیہ 20 وشوے تھے۔ اس میں سورج گرہن بھی 20 ہزار ہوئے۔

ترتیا یُگ

بیساکھ شدی تیج سوموار کے دوسرے پہر روہنی نچھتر شوبھن یوگ میں ترتیا یُگ کا آغاز ہُوا۔ اس کی آیو ۱۲۹۶۰۰۰ برس تھی۔ اس یُگ میں تین اوتار وامن۔ پرشرام اور رام چندر جی ہوئے ہیں۔ وامن جی نے راجہ بلی سے تین پیر پرتھوی دان لے کر تین پیر میں جاپ کیا۔ اور بعد راجہ کو پاتال کا راجیہ دیا۔ پرسرام جی نے گھمنڈی کشتری راجاؤں کو مار کر برہمن راجیہ قایم کیا۔ اور رام چندر جی نے راون کو مارا۔ اس میں منش کی پورن آیو دس ہزار سال اور بالک اوستھا ایک ہزار برس تھی۔ اس میں پنیہ ۱۵۔ اور پاپ ۵ وشوے تھا۔ شریر کی لمبائی 14 ہاتھ تھی۔ سونے کا سکّہ چلتا تھا اس میں سورج گرہن ۲۰ ہزار اور چندرماں گرہن ۳۰ ہزار ہوئے ہیں

دواپر یُگ

ماگھ بدی اماوس شکروار تیسرے پہر دھنشٹا نچھتر۔ دریان یوگ میں دواپر یُگ کا آغاز ہُوا۔ اس کی آیو ۸۹۴۰۰۰ برس تھی۔ اس میں بھگوان کرشن اور شری بلدیو نے دُشٹوں کا ناش کر کے دھرم کا ادھار کیا۔ اس میں پُورن آیو ایک ہزار سال اور بالک اوستھا ۱۰۰ سال تھی۔ شریر کی لمبائی سات ہاتھ تھی۔ اس میں پنیہ ۱۰ اور پاپ ۱۰ وشوے تھا۔ اس میں سُورج گرہن ۲۴ ہزار اور چندرماں گرہن ۳۶ ہزار ہوئے۔ اس یُگ میں تیرتھ کورو کشیتر پردھان تیرتھ تھا۔

کل یُگ

بھادوں بدی تردوشی اتوار آدھی رات کے وقت اشلیکھا نچھتر بتی پات یوگ میں کل یُگ کا آغاز ہُوا۔ اس کی آیو ۴۳۲۰۰۰ برس کی ہے۔ اس میں دو اوتار بدھ اور کلکی ہیں ان میں بُدھ اوتار تو ہو چکے ہیں۔ جنہوں نے اہنسا کا پرچار کیا۔ اور کلکی اوتار جب کلجگ کے ۸۲۱ برس باقی رہیں گے۔ تب سنبھل گرام میں وشنویش برہمن کے گھر ہوگا۔ منشیہ کی آیو ۱۲۰ سال اور بالک اوستھا ۱۰ سال ہے۔ شریر کی لمبائی ۳½ ہاتھ ہے۔ اس میں پنیہ ۵۔ اور پاپ ۱۵ وشوے ہے اس میں ۴۶ ہزار سورج گرہن و چندر گرہن ہوں گے۔ اس یُگ میں گنگا تیرتھ پردھان ہوگا۔ تانبے اور نکل کا سکّہ چلیگا۔ راجیہ شاسن میں دھرم کا نام نہیں ہوگا۔ لوگوں میں پاپ ورتی اور بھرشٹا کی ماترا ادھک رہے گی۔

● مفید عالم جنتری میں مصنفہ پنالال شرما یاد رکھیں۔

میری قسمت آج کل کیسی ہے

اگر کوئی ایسا سوال کرے کہ میری قسمت آجکل کیسی ہے۔ تو ایسے پرشن میں سائل کے نام کے حروف شمار کر لو۔ اور اس وقت چندرماں کو دیکھو۔ کہ کس راشی میں ہے۔ جس راشی میں چندرماں اس وقت پڑا ہو۔ اس کے اعداد بموجب نقشہ اعداد راشی اور یوم کے اعداد جو نقشہ اعداد یوم میں لکھے گئے ہیں لے کر جمع کر لیویں۔ بعد ازاں ۲ اعداد قانون کے اس میں اور زیادہ کر دیں۔ اور پھر کل مجموعہ کو ۷ پر تقسیم کر دیں۔ اگر باقی ایک رہے یا ۳ یا ۵ رہیں۔ تو تمہارا طالع ابھی گردش میں ہے۔ اگر ۲ یا ۴ رہیں۔ تو نحوست گزر گئی ہے۔ تھوڑے دنوں میں تمہاری دلی اُمیدیں بر آئیں گی۔ اگر ۶ رہیں۔ تو تمہارے دل کو وہم نے خراب کیا ہُوا ہے۔ اگر باقی صفر رہے۔ تو تمہاری قسمت آجکل بستہ ہے۔ جس کام میں ہاتھ ڈالو گے۔ اس میں نقصان اُٹھاؤ گے۔ اگر یقین نہ ہو۔ تو دیکھو تمہارے سر میں زخم کا نشان ہے۔

اعداد یوم

نام یوم	ایت وار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار
اعداد	۵	۲۱	۱۴	۹	۸	۳	۱۱

مفید اور کارآمد جنتر منتر

سنتان کیلئے جنتر

۸	۲	۴	۲۳
۷	۳۷	۳۰	۷
۱	۹	۳۴	۳
۳۵	۲۵	۶	۴

اس جنتر کو شکر وار کے دن سے گیہوں کی روٹی پر لکھکر وہ روٹی کالے کتے کو کھلا دیں مالک چاہے گا تو آپ کی مراد بہت جلدی پوری ہو جائے گی۔ لیکن جب تک اولاد پیدا نہ ہو جائے یہ عمل ہلانا غہ روزانہ کرتے رہیں۔

کارج سدھ جنتر

۷	۲	۱۲	۵
۱۱	۱۱	۳	۶
۱	۹	۹	۱۴
۱۳	۱۰	۵	۴

اتوار کے دن ہلدی کے رس سے اس جنتر کو کاغذ پر لکھکر بتی بنائیں۔ شام کو دیئے میں سرسوں کا تیل ڈال اسکو جلائیں اسی طرح سات اتوار کو کریں سبھی قسم کے دکھ دور ہوں اور کارج سدھ ہو۔

ایک اور کارج سدھ جنتر

۷	۲	۱۵	۸
۱۳	۱۲	۳	۶
۱	۸	۹	۱۴
۱۳	۱۰	۵	۴

ہلدی سے کاغذ پر لکھکر جنتر کے نیچے اپنا مقصد لکھیں پھر فلیتہ کرکے دیوار کو دیئے میں جلا دیں سات دیواروں کو ایسا کرنے سب کارج سدھ ہونگے۔ ۱۱ دن ہلدی کی مالا سے "اوم ہریں ہراں سہ" جپیں۔

پردیسی کی واپسی کا جنتر

۱	۱۵	۸	۳۵
۱۳	۵	۵۲	۴
۳	۶۴	۱۳	۹
۶	۷۲	۶۵	۷۲

یہ جنتر کیسر سے بھوج پتر پر لکھکر اور خوشبودار گھاس۔ تو عنبر ملکر بھیجا جلدی لوٹ آئے گا۔

خاوند بس میں کرنے کا جنتر

۸	۲	۴۷	۶۳
۳۷	۶۹	۳	۸
۱	۹	۳۴	۳۹
۳۸	۳۵	۶	۴

انوار کو بھوج پتر پر کیسر سے لکھکر گوگل کی دھونی دے کر مریض کے گلے میں باندھ دینے سے لاعلاج مرض بھی جلد دور ہو جاتے ہیں۔ یہ آزمودہ جنتر ہے۔

بواسیر دور کرنے کا جنتر

۹	۳	۸	۱۳
۶۵	۴	۱۰	۷۷
۷	۶	۱۵	۸۰
۱۲	۸۲	۱۱	۱۴

دو روز تک بیلوں کے رس سے اس جنتر کو لکھکر گلے میں باندھیں، بواسیر دور ہو جائے گی۔

عورت کو بس میں کرنیکا جنتر

"اوم کشو ہریں ہراں اس ہراں سوہا" یہ منتر ایک ہفتے تک بلاناغہ سرخ کپڑے اور مونگے کی مالا پہن کر عام عورت تو کیا سورگ کی اپسرا بھی بس میں ہو کر پہنچتی چلی آئے گی۔

ایک اور سنتان داتا جنتر

	درگا	درگیش	مہیش
		اوم انگ اے	
		نندی مم کاریہ کرو	

جس استری کو اٹھڑاہ روگ ہو یا جس کے سنتان نہ ہوتی ہو اس کے واسطے یہ جنتر بڑا مفید ثابت ہوگا۔ روہنی نکشتر کے دن پتروتی استری کے دودھ میں کیسر اور چندن ملا کر انار کی قلم سے سفید کاغذ پر ایسے آٹھ جنتر لکھیں۔ ایک جنتر تانبے میں مڑھوا کر استری کے گلے میں باندھدیں اور باقی سات جنتر پر منگلوار کو ایک جنتر جل میں دھوکر پلائیں۔ کارج سدھ ہوگا۔

گائے بھینس وغیرہ کا دودھ بڑھانے کا جنتر

"اوم نمو ہیکارنی پرسوادم شتیلم"

مذکورہ منتر ۱۰۸ بار پڑھکر مویشیوں کو چارہ کھلانے سے دودھ میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

بس میں کرنے کا جنتر

"اوم نمہ سروجک وشی کرائے کرو کرو سوہا"

اس منتر کو ۱۰۸ بار پڑھکر بھوج پتر پر انار کی قلم سے اشٹ گندھ سے لکھکر داہنی بازو پر باندھ لینے سے جس کسی کے بھی سامنے جائیں گے وہ بس میں ہو جائے گا۔ اس منتر کا ایک لاکھ بار پاٹھ کرنے سے سدھ ہو جاتا ہے۔

سنتان حاصل کرنے کیلئے جنتر

"دیوکی سُت گووند وسودیو جگت پتے دیہی تنیم کرشن توا ہم شرنم گتے"

جس جوڑے کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو انھیں اس منتر کا ایک لاکھ بار جاپ کرنا چاہیئے۔ کم از کم ایک مالا روزانہ کریں۔ زمین پر سوئیں۔ جھوٹ شراب، اچھل، پکٹ سے بچیں۔ سادہ بھوجن کریں۔ بال نہ کٹوائیں ایک لاکھ جاپ ہونے پر دشمانش جاپ کا ہون ہاتل شہد وغیرہ سے کرکے برہمنوں کو بھوجن کرادیں۔

شری بگلا مکھی جنتر

جب دشمن آپ کو انتہائی بے انصافی کے ساتھ تنگ کرتا ہے۔ مقدمہ اور جھگڑے وغیرہ میں آپ خود کو بے سہارا محسوس کرتے ہوں تو حسب ذیل منتر کا پاٹھ پیلے کپڑے پہنکر کرنا چاہیئے۔ ایکانت کمرے میں بگلا مکھی دیوی کی نصوبر پر پیلے پھول چڑھا کر دھوپ وغیرہ جلادیں روزانہ گیارہ مالا کرتے ہوئے ۲۱ دن تک جاپ کرنے سے مطلوبہ سدھی ہو جاتی ہے منتر اس طرح ہے۔ "اوم ہیں۔ بگلا مکھی سروہ دشٹا نام واچم مکھم پدم ستمبھے جبھوان کیلئے اکیلے بدھی ناشے ہیں اوم سوہا"

دھن دولت حاصل کرنے کیلئے منتر

"اوم ہیں کلیں شری نمہ"

تنہائی میں بیٹھکر اس منتر کو ۲۱ ہزار بار پڑھیں ۲۱ بار دودھ چاول کی کھیر کا ہون کریں جب تک کارج سدھی نہ ہو جائے۔ زمین پر سوئیں۔ دودھ سے بنی چیزوں کا استعمال کریں۔ اناج نہ کھائیں۔ صبر و ری سدھی ہوگی۔

بچوں کے سب روگ دور کرنیکا جنتر

۳۳	۳۲	۲۷
۳۷	۴۶	۶۷
۳۳	۶۶	۳۷

اس جنتر کو بھوج پتر پر لکھکر اور اس بھوج پتر کو تانبے کے تعویذ میں رکھکر کتا شیرہ بچے کے گلے میں باندھ دیں۔ ہر طرح کی مشکل رفع ہو گی اور بیماری دور بھاگے گی۔

شری مہامرتیونجے منتر

اکال مرتیو کو ہرانے والا اور سب طرح کے دکھوں سے نجات دلانے والا یہ اموگھ سدھ منتر ہے اس کا سوا لاکھ بار جاپ کرنے سے ہر طرح کے دکھوں کا ناش ہو کر اکال مرتیو کا خوف جاتا رہتا ہے۔

اوم ہوں اوم جوں سہ بھوربھوہ سوہ۔ تریمکم یجامہے سگندھی پشٹ وردھنم۔ اروارکا موہ سمات مرتیو اور مکشیہ۔ ماہرتات بھوربھوہ سوہ سوئے روں جوں سہ ہوں اوم۔"

بالک کو ڈر سے نجات دلانے کا جنتر

۴	۲۲	۱۰	۶
۶	۱۰	۶	۴
۱۰	۶	۴	۱۲
۱۲	۴	۱۲	۱۰

اماوس کی رات کو جنتر کیسر کی سیاہی سے انار کے قلم سے لکھکر جس بالک کے گلے میں باندھ دیا جائے گا۔ اُسے ڈر خوف سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔

نظر روگ دور کرنے کا جنتر

۴	۲	۶	۸
۲	۴	۸	۶
۶	۸	۴	۲
۸	۶	۲	۴

اس جنتر کو لال چندن سے بھوج پتر پر لکھکر دھوپ دیں۔ پھر تانبے کی تعویذ میں مڑھکر بالک کے گلے میں باندھیں تو نظر لگنے کا دکھ دور ہو جائے گا، اور کبھی نظر نہیں لگے گی۔

بھوت بھگانیکا اچوک جنتر

۵۵	۶۳	۲	۸
۷	۳	۵۹	۵۸
۶۱	۵۶	۹	۱
۳	۶	۵۷	۶۰

اس جنتر کو بھوج پتر پر کیسر سے لکھکر جس کسی کے بھی گلے میں ڈالدیں وہ شخص بھوت چڑیل وغیرہ کسی بھی آسیب یا آسیبی روح سے محفوظ رہے گا اور اس طرح بھوت پریت اس پر کوئی اثر نہ کر سکیں گے۔

حاملہ عورت کے لڑکا ہوگا یا لڑکی؟ فالنامہ

ناظرین! غیب کی خبر تو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ جو اس بات کا دعویٰ کرے سراسر جھوٹا ہے۔ مگر دلی اطمینان کے لئے یہ طریقہ چلا آرہا ہے اور اکثر صحیح ثابت ہوا ہے۔ اسی لئے یہاں درج کیا جاتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ اوپر سات چاند بنے ہوئے ہیں اور ہر ایک پر سیارہ کا نام درج ہے جب آپ فال دیکھنا چاہیں تو پہلے قل ہو اللہ شریف پڑھکر اللہ سے دعا مانگیں اور اپنے کلمہ کی انگلی کسی ایک چاند پر رکھیں۔ اگر حاملہ خود اس عمل کو کرے یعنی انگلی رکھے تو بہتر ہے جس ستارہ پر انگلی رکھی جائے گی اس کا نمبر نیچے لکھا ہوا ہے وہ خود دیکھ لیں یا بتادیں۔

نمبر	نام سیارہ	مختصر کیفیت حال
۱	شمس	بالک ہوگا انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا
۲	قمر	خدا چاہے تو لڑکی ہونے کی امید ہے
۳	مریخ	اللہ کے فضل سے لڑکا ہوگا۔ گرغصہ ور ہوگا
۴	عطارد	انشاء اللہ خوش نصیب لڑکی ہوگی
۵	مشتری	لڑکی ہوگی۔ انشاء اللہ
۶	زہرہ	یہ حمل لڑکی کا ہے،
۷	زحل	حمل خالی جانے کا اندیشہ ہے دعا کریں بچہ ہو

علمِ کیسرل کے ذریعہ سوالات اور اُن کے جواب

یہ وہ متبرک علم ہے جس کے ذریعہ ہر ایک شخص پوش یعنی سوالات کا جواب نہایت آسانی سے خود بخود نکال کر اس کے نتیجہ نیک و بد سے بخوبی آگاہ ہو سکتا ہے۔ سوالات کے متعلق اگر مفصل حالات دیکھنے ہوں تو رسالہ علم کیسرل کارخانہ مفید عالم جنتری مصنف پنڈت پنا لال جیوتشی سے منگوا کر دیکھ لیں۔ مفصل حالات جاننے کے لئے ہمارے دفتر سے بذریعہ اپنی جنم پتری کے مبلغ ۲۵/- روپے فیس بھیجکر اپنی زندگی کے مکمل حالات حاصل کریں۔

نقشہ مجموعہ اعداد حروف سور اور ویجن

نام حروف	ا	آ	اِ	اِی	او	اَو	اے	اَے	او	اُو	انک
نام اعداد	۱۲	۲۱	۱۱	۱۸	۱۵	۲۲	۱۸	۳۳	۲۵	۱۹	۲۵
نام حروف	ک	کھ	گ	گھ	انگاں	چ	چھ	ج	جھ	یاں	ٹ
نام اعداد	۱۳	۱۱	۲۱	۳۰	۱۰	۱۵	۲۱	۲۲	۲۶	۲۶	۱۰
نام حروف	ھ	ڈ	ڈھ	اناں	ت	تھ	د	دھ	ن	پ	پھ
نام اعداد	۱۳	۲۲	۳۵	۴۵	۱۴	۱۸	۱۷	۱۳	۳۵	۲۸	۱۸
نام حروف	ب	بھ	م	ی	ر	ل	و	س	کھا	س	۵
نام اعداد	۲۶	۲۷	۸۶	۱۶	۱۲	۱۳	۳۵	۲۶	۳۵	۳۵	۱۲

ضروری ہدایات:- اگر کوئی شخص سورج طلوع ہونے کے بعد ۱۲ بجے کے اندر آکر سوال کرے تو اس کو کہنا چاہیئے کہ کسی پھول کا نام لیوے اگر ۱۲ بجے کے بعد سورج غروب ہونے کے اندر پرشن کرے تو کسی پھل کا نام اگر سورج غروب ہونے کے بعد نصف رات یعنی ۱۲ بجے کے اندر سوال کرے تو کسی ندی یا دریا کا نام اور اگر ۱۲ بجے رات کے بعد سورج طلوع کے اندر آکر سوال کرے تو کسی دیوتا کا نام اس کے منہ سے کہلوانا چاہیئے۔ پس اگر سوال کنندہ نے جو سوال کیا ہے اس سے کوئی نام اس وقت کے لحاظ سے کہلوا کر اس کے حرفوں کے اعداد بموجب نقشہ ذیل جمع کریں۔ ایک شخص ۱۲ بجے کے بعد دوپہر کو دریافت کرنا چاہتا ہے کہ مجھکو فلاں کام سے فائدہ ہوگا یا نہیں اس لئے سوال کنندہ سے کسی پھل کا نام اس وقت کے لحاظ سے کہلوایا تو اس نے ناشپاتی کہا پس اس کے حروف علیحدہ علیحدہ نقشہ اعداد حروف کیسرل سے شمار کر کے جمع کئے تو، ن، ا، س، پ، ت، ی، یہ، سات حروف شمار میں آئے اب بموجب قاعدہ نقشہ مذکور سے اول اعداد کے ۳۵ لئے بعد ازاں وی اے ۱۲ عدد (ت) کے ۱۴ عدد (ی) کے ۱۸ عدد کل عدد مجموعہ اعداد کو جمع کیا تو ۱۵۴ ہوئے پس یہ سائل کے سوال کا پنڈ بنا جسکو مجموعہ اعداد کہتے ہیں۔ یہ پنڈ اسی طرح ہر ایک نام کے لحاظ سے ہر ایک سوال میں بنایا جائیگا جو آگے چل کر ایک عمل میں کام آئے گا۔ اب چونکہ سائل کا سوال ہے کہ مجھکو فلاں کام سے فائدہ ہوگا یا نہیں اس لئے بموجب قاعدہ اس مجموعہ اعداد میں ۴۲ عدد قانون کے جو ایسے سوال میں شامل کرنے کے لئے کہے گئے ہیں اور جمع کئے تو کل جمع (۹۶) ہوئے اب بموجب قاعدہ اس مجموعہ کو ۳ پر تقسیم کیا تو باقی ایک بچتا ہے اس لئے سائل کو جواب دیا کہ اس کام میں تمکو فائدہ ہوگا۔ اس کے علاوہ اسی طرح ہر ایک سوال میں قانون کے اعداد جدا جدا مقرر ہیں جنکو ہم آگے درج کرتے ہیں۔

روزگار کا سوال:- روزگار کے سوال میں حسب قاعدہ مذکورہ بالا پنڈ بنا کر اس میں ۴۲ عدد قانون کے جمع کر کے تین پر تقسیم کرو اگر باقی رہے تو روزگار جلدی ہی بن جائیگا۔ اگر ۲ بچیں تو دیری سے اگر تقسیم پوری ہو جائے تو فکر و تردد سے کام بن جائیگا۔ **فتح اور شکست کا سوال:-** حسب قاعدہ مذکورہ بالا مجموعہ اعداد جو اصل پنڈ ہے اسمیں ۴۲ عدد قانون کے اور جمع کر کے کل مجموعہ کو ۳ پر تقسیم کر دو۔ اگر ایک باقی رہے تو سوال کنندہ فتح پائے۔ ۲ باقی رہیں تو صلح اور اگر صفر رہے تو سوال کنندہ شکست کھائیگا۔

کارج سدھی سوال:- مذکورہ پنڈ بنا کر اسمیں ۳۸ عدد قانون کے جمع کر کے کل مجموعہ کو ۳ پر تقسیم کریں باقی ۱ رہے تو کام سرانجام ۲ رہیں تو مساوی حالات اور اگر پوری تقسیم ہو جائے تو انجام بخیر نہیں ہوگا رکاوٹ پڑ جائے گی۔

شادی کا سوال:- مجموعہ اعداد یعنی اصل پنڈ کو جو ہر وقت سوال بنایا گیا ہے صرف ۸ پر تقسیم کر دو۔ اگر باقی ایک رہے تو شادی جلد ۲۰ میں رشتہ دیر سے ۳۰ پر رشتہ نہ ہوگا۔ ۴۰ پر رشتہ ہٹ جائے گا۔ ۵۰ رہیں تو رکاوٹ ۶۰ رہیں تو خود تساہل کرو گے ۷۰ رہیں تو رشتہ خراب اور اگر صفر رہے تو رشتہ ٹوٹ جائیگا۔ **چوری:-** حسب قاعدہ پنڈ جو اس کے جواب میں لکھا گیا ہے کو ۳ پر تقسیم کرو۔ باقی ۱ بچے تو مال جلد ملے ۲ بچے تو تردد سے کچھ مال واپس ملنے کی امید۔ صفر رہے تو چوری گئی چیز [illegible] مشکل ہے۔

علم الجفر

یہ وہ متبرک اور بے نظیر علم ہے جس کے اصول و قواعد جفر و طلسمات میں نہایت معتبر اور عمل حب و بغض میں نہایت پُر اثر اور بے نظیر خیال کئے گئے ہیں دنیاوی مشکلات کے حل و عقد میں جسطرح اس کے ہر ایک عمل کی سعادت و نحوست کا دارومدار قدرت نے گردش کواکب پر قائم رکھا ہے اسی طرح اس کے عامل عمل کے طریق و قواعد کو دیکھکر ہر ایک مشتاق غیب کی باتیں اور زمانہ حال و ماضی اور مستقبل کے رنج و راحت اور آئندہ پیش آنیوالے واقعات کو قبل از وقت معلوم کر لیتے ہیں اسلئے مفید عالم جنتری کے شائقین کی خاطر ان کالموں میں چند سوالات کا ذکر ابجد کے حساب سے درج کیا جاتا ہے جس پر عمل کرنے سے اسکے عامل مفید مطلب کامیابی سے ہمکنار ہونگے۔

حروف	ا	ب پ	ج چ	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک گ	ل	م	ن
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰
یوم	سنیچروار	ایت وار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار							
اعداد	۴۹۰	۶۱۸	۶۱۲	۱۱۰	۱۱	۷۱۴	۵۱۸							

جفر کے قاعدے میں یوم کے اعداد بعض جگہ پر سنیچر کے ۳۳۳۔ اتوار کے ۶۰۸ سوموار کے ۲۶۴ منگلوار کے ۱۴۰ بدھوار کے ۱۱ ویروار کے ۶۶۹ اور شکروار کے ۲۸۰ لئے گئے ہیں اور بعض جگہ پر اتوار ۳۸۷ سوموار کے ۳۶۷ منگلوار کے ۴۲۲ بدھوار کے ۵۶۶ اور ویروار کے ۴۱۲ شکروار کے ۱۱۸ اور سنیچروار کے ۳۵۷ عدد جفر میں بحساب ابجد لئے ہیں لیکن ہماری رائے میں نقشہ مندرجہ کے اعداد یوم درست رہیں گے آپ خود بھی سوالات کے جواب میں تصدیق کر سکتے ہیں جس وقت کوئی شخص آکر کسی سوال کا جواب کرے اس وقت اعداد ہم یعنی سوال کنندہ کے نام کے حروف الگ الگ لکھکر نقشہ مندرجہ کے لحاظ سے ہر ایک حروف کے عدد نکالکر جمع کر لیں۔ بعد ازاں اس مجموعہ شمار میں یوم کے عدد جس دن سائل نے سوال کیا ہے نقشہ مندرجہ سے لکھکر مجموعہ شمار میں شامل کر دیں اس کے بعد کل مجموعہ عددوں کو قانونی مدد پر جو ہر ایک سوال میں بتائے گئے ہیں بموجب قاعدہ تقسیم کر دیں جو باقی رہیں گے وہ سوال کا جواب ہوگا۔

روزگار کا سوال:- اگر کوئی دریافت کرے کہ مجھکو فلاں روزگار یا فلاں کام سے فائدہ ہوگا یا نہیں تو ایسے سوال کے دریافت کرنے پر اعداد نام سائل معہ اعداد اس یوم کے جسمیں سوال کیا گیا ہے بحساب ابجد نکال کر جمع کرے اور کل مجموعہ شمار کو ۳ پر تقسیم کر دے اگر باقی ایک رہے تو کام سرانجام نہیں ہوگا، اگر ۲ رہیں تو دیر سے ہوگا اگر پوری تقسیم ہو تو سرانجام ہوگا۔

شادی کا سوال:- شادی کا سوال دریافت کرنے پر اعداد نام سوال کنندہ معہ والدہ اور اعداد یوم بحساب ابجد نکالکر جمع کرے اور حاصل جمع کو تین پر تقسیم کریں باقی ایک بچے تو شادی جلد ۲ بچیں تو مشکل سے اور پوری تقسیم ہو تو شادی نہیں ہوگی۔

تجارت:- اعداد نام سائل معہ والدہ اور اعداد یوم کے جمع کر کے ۴ پر تقسیم کر دو اگر باقی ایک بچے تو اس کو جواہرات کی تجارت مفید اگر ۲ بچیں تو سفید رنگ کے بیوپار میں فائدہ اگر ۳ بچیں تو حیوانات کی تجارت اگر پوری تقسیم ہو تو غلہ کی تجارت سے فائدہ ہوگا۔

فتح و شکست:- اگر کوئی شخص فتح و شکست کے بارے دریافت کرے تو اعداد سائل معہ والدہ اور اعداد نام مدعا علیہ معہ والدہ اور اعداد یوم نکال کر ۴ پر تقسیم کر دو۔ باقی ۱ بچے تو مدعی غالب ۲ رہیں تو مدعا علیہ ۳ بچیں تو صلح اگر پوری تقسیم ہو تو ہمیشہ ناموافقت رہے گی۔

فلاں کام کس روز کرنا اچھا ہے:- اگر کوئی ایسا سوال کرے تو اعداد نام سائل معہ اعداد یوم جس میں سوال کیا گیا ہے بحساب ابجد جمع کر کے ۸ پر تقسیم کر دو باقی اگر ایک بچے تو اتوار ۲ بچیں تو سوموار ۳ بچیں تو منگلوار ۴ بچیں تو بدھوار ۵ بچیں تو ویروار ۶ بچیں تو شکروار ۷ بچیں تو سنیچروار اور اگر پوری تقسیم ہو جائے تو کام کا ارادہ کچھ دیر کیلئے ملتوی کر دینا چاہیئے۔

اولاد:- سوال کنندہ کے نام کے حرفوں کے عدد اور اس کی عورت کے نام کے حرفوں کے عدد معہ اعداد یوم ۳ پر تقسیم کر دیں اگر باقی ایک رہے تو عورت بانجھ ہے اولاد مشکل ہوگی ۲ رہیں تو بانجھ نہ رہے رحم میں قصور بیماری کے سبب اولاد نہ ہوگی پوری تقسیم ہو تو جادو کی وجہ سے اولاد نہ ہو

اولاد کے لئے جنتر				سرو سدھی جنتر				پردیسی کی واپسی کیلئے جنتر			
۸۱۲	۸۱۵	۸۱۸	۸۰۵	۱۴	۱	۱۲	۷	۲۴۲	۲۵۷	۲۵۴	۲۴۹
۸۱۷	۸۰۶	۸۱۱	۸۱۶	۱۱	۸	۱۳	۲	۲۵۳	۲۴۸	۲۴۳	۲۵۶
۸۰۷	۸۲۰	۸۱۳	۸۱۰	۵	۱۰	۳	۱۶	۲۴۷	۲۵۰	۲۵۹	۲۴۴
۸۱۴	۸۰۹	۸۰۸	۸۱۹	۴	۱۵	۶	۹	۲۵۵	۲۴۵	۲۴۶	۲۵۱

اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو یا ہو کر مر جاتی ہو یا صرف لڑکیاں ہوتی ہوں تو اس جنتر کو پورن ماشی کے دن اشٹ گندھ سے لکھکر پاس رکھیں

اس جنتر کو گرہن یا ویروار پورنماشی کے دن اشٹ گندھ سے لکھکر پاس رکھے یا گلے میں ڈالیں ہر کام میں کامیابی ہوگی۔

اگر کسی کا لڑکا نوکر یا رشتہ دار گھر سے چلا جائے اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو اس جنتر کو اشٹ گندھ سے لکھکر چرخے پر الٹا گھمائیں۔

فتحمندی بزرگی و شہرت کیلئے				روگ ناش کے لئے			ترقی روزگار و بلندی مراتب			
۱	۷	۴	۸	۸	۱	۶	۸	۱۱	۱۴	۱
۵	۷	۲	۶	۳	۵	۷	۱۳	۲	۷	۱۳
۶	۲	۹	۳	۴	۹	۲	۳	۱۹	۹	۶
۸	۴	۵	۳	تعلیم حاصل کرنے کیلئے			۱۰	۵	۱۴	۱۵
				۱۰	۵	۱۲				
				۱۱	۹	۷				
				۶	۱۳	۸				

اس کو اشٹ گندھ سے پہلے خانہ اتوار کو لکھکر رکھنے سے فتحمندی اور شہرت حاصل ہوتی ہے۔

اس کو بروز چاند نے منگلوار اشٹ گندھ سے لکھکر رکھنے سے کاروبار میں ترقی اور فائدہ ہوگا

گرہوں کی نظر میں آئندہ سال ۱۹۸۹ء کی چند اہم پیشگوئیاں

- برس کا راجہ اور وزیر شبھ گرہ برہسپت ہونے سے دنیا کے مختلف دشمن ممالک میں جنگ بندی اور امن کے معاہدے زیادہ ہوں گے۔
- مدبران ملک رعایا کی بہتری کے لئے توجہ دیں گے۔ لوگوں کا خیال دھرم کرم میں اچھا۔
- ماہ اپریل سے سنیچر نیپچون پلوٹو وغیرہ چار گرہوں کا ایک ساتھ وکری ہونے سے امریکہ، برما، ایران، سری لنکا اور دکشنی افریقہ کے نامبیا انگولہ وغیرہ ممالک میں کہیں اہم سیاسی تبدیلیاں ہوں گی کہیں حکومت کا پلٹنا، آگ زنی، توڑ پھوڑ اور دھماکہ خیز وارداتیں ہوں گی۔
- پاکستان میں جمہوری حکومت کا خواب ابھی ادھورا ہی رہے گا۔ فوجی اداروں کا اثر و رسوخ پہلے کی طرح رہے گا۔ وہاں اندرونی دنگے، فساد، سیاسی قتل، آتشزنی اور دھماکوں کی وارداتیں زیادہ ہوں گی۔
- آئندہ انتخابات میں مخالف پارٹیوں کے گٹھ جوڑ کے باوجود کانگرس آئی پارٹی کا جیتنا یقینی ہوگا۔ اگرچہ پارٹی کو کچھ پرانی اہم سیٹوں پر شکست ہوگی مگر کچھ نئے حلقے بھی ملیں گے۔
- ۱۸۔ اگست کو سنگھ راشی پر سورج کیتو کی کلاتمک یوتی ہونے سے بھارت کے سیاسی ادارے میں زبردست تبدیلیاں ہوں گی۔ کسی اہم شخصیت کی اچانک وفات کے یوگ ہیں۔
- پنجاب کا مسئلہ اندرونی طور پر ابھی سلگتا ہی رہے گا۔ ۲۲ ستمبر کے بعد دہشت پسندی اور قتل کی وارداتوں میں کچھ کمی ہوگی۔ حکومت کی طرف سے کچھ سدھارک اقدامات اٹھائے جائیں گے۔
- ۳۰ جون کے بعد مرکزی وزارت اور دیگر صوبہ جات جیسے اتر پردیش، پنجاب، مدھیہ پردیش، آندھرا، کرناٹک، ہماچل مزدرم وغیرہ کے منتری منڈلوں میں اہم تبدیلیاں۔ آسام، بہار، کشمیر، اڑیسہ اور ہماچل وغیرہ میں زلزلہ و سیلاب جیسی قدرتی آفات سے بھاری جانی مالی نقصان ہوگا۔

پروردگار کی نظر اور قدردان ناظرین کے مسلسل تعاون سے پنچانگ دواکر اور مفید عالم جنتری (لاہور) ایک سو ۱۳ سال سے بخوبی شائع ہو رہے ہیں اس جنتری کے منتظم میرے قابل تعظیم بزرگ پنڈت دیوی دیال جی لاہور کے زمانے سے آج تک کے عرصہ میں پنچانگ دواکر کو جو بین الاقوامی شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی ہے معزز قدردان ناظرین سے پوشیدہ نہیں ہے۔ علم جیوتش کے گہرے راز اور تمدنی امور کو پھیلانے میں اس جنتری نے ایک صدی سے بھی زیادہ عرصہ سے اپنا حصہ ڈالا ہے اور ہنوز یہ خدمت جاری ہے۔ دیوی بھگوتی کی مہربانی سے گذشتہ برسوں میں آج تک نیگئی متعدد پیشگوئیاں لفظ بہ لفظ درست ثابت ہوتی رہی ہیں۔ جنتری کے گذشتہ شماروں سے چند مثالیں برائے ثبوت پیش خدمت ہیں۔

گذشتہ برسوں کی پیشگوئیاں جو درست نکلیں:۔

۱۔ ۱۹۸۲ء میں ایران عراق ممالک کے درمیان جنگ اور بھارت میں خوفناک سیلاب سے نقصان نصف اول میں وزارت میں تبدیلی (صفحہ ۲۰) ماہ ستمبر میں کشمیر کے وزیر اعلیٰ شیخ محمد عبداللہ کی وفات۔

۲۔ ۱۹۸۳ء پنجاب میں انتہا پسندی کے واقعات اور سال کے آخر میں شریمتی اندرا گاندھی کے وقار اور طاقت میں اضافہ ہونا (صفحہ ۶ کالم ۱ پر)

۳۔ ۱۹۸۴ء میں (صفحہ ۶ اور کالم ۱ پر) مرکزی وزارت میں اچانک تبدیلی اور بہت سے مقامات پر دنگے فساد کی وارداتیں ہونا اور کسی اہم سیاسی لیڈر کی اچانک وفات سال کے دوسرے حصے میں آتشزنی، ہوائی حادثہ اور ریل حادثہ پیش آئے کسی اہم سیاسی لیڈر کی اچانک موت کے یوگ (جیسا کہ پردھان منتری شریمتی اندرا گاندھی کے قتل سے ثابت ہوگیا (صفحہ ۶ کالم ۲)

۴۔ ۱۹۸۵ء میں سال کے اول نصف میں مرکزی وزارت میں اہم تبدیلیاں ہونا، فرقہ وارانہ انتہا پسندی جیسے مسائل سے نپٹنے میں کچھ حد تک سرکار کامیاب ہونا (صفحہ ۱۲ کالم ۱ پر) ماہ اگست ستمبر میں بہار پنجاب میں زیادہ بارش کے یوگ جانی و مالی نقصان ہونا (صفحہ ۱۳ کالم ۱ پر) سال کے آخر میں پنجاب و دھان سبھا کے چناؤ میں کانگرس کو شکست ہونا ۱۹۸۶ء کے دوران ہریانہ میں مخالف پارٹیوں کا بھجن لال کی حکومت کو گرانے کی بھرپور کوشش کرنا اور جموں و کشمیر میں ڈاکٹر فاروق عبداللہ کا اثر بڑھ جانا۔ (صفحہ ۱۳ کالم ۲ پر دیکھیں)

۱۹۸۷ء کی جنتری میں سال کے نصف حصہ میں کم بارش کی وجہ سے قحط کے حالات اور پنجاب ہماچل ہریانہ میں فصلوں کو سوکھے سے نقصان ۱۹۸۸ء کی مفید عالم جنتری میں پاکستان کے صدر کی اچانک ہونے والی موت کے متعلق صاف طور پر پڑھیں۔ خود جنرل ضیاء الحق کی راشی پر سنیچر ساڑھ ستی کا ناقص کا یوگ بنا ہوا ہے پاکستانی صدر پر قاتلانہ حملہ کا اندیشہ ہے شدید مخالفت ضیا حکومت کے انجام کا باعث بنے گی۔ (دیکھیں صفحہ ۱۸ کالم ۱) اسی صفحہ پر پڑھیں پنجاب کے دہشت پسندوں کو خفیہ طور پر اسلحہ وغیرہ کی امداد جاری رکھے گا۔ وہاں پر وسیع طور پر دہشت گردی توڑ پھوڑ اور خونی حادثات پیش آئیں گے۔ آسام بنگال اڑیسہ جموں و کشمیر وغیرہ میں سیلاب سے بھاری جانی و اقتصادی نقصان ہونا (صفحہ ۱۷ کالم ۱) جموں و کشمیر میں توڑ پھوڑ اور دیگر تشویشناک وارداتیں ہونا (صفحہ ۱۷ کالم ۲) وغیرہ بہت سی پیشگوئیاں اپنے آپ میں سچائی کا زندہ ثبوت ہیں۔

آسمانی کونسل اور دنیا کے حالات

آئندہ سال میں گرہوں کی آکاشی کونسل کے دس ادھیکاروں میں سے چھ ادھیکار شبھ (نیک) گرہوں کو اور چار ادھیکار کرور (ناقص) گرہوں کو حاصل ہوتے

ہیں۔ بارش فوج اور پھلوں کے ادھیکار بدھ کو اور دھان (غلہ) کا ادھیکار شبھ گرہ شکر کو حاصل ہے فصلوں اور دھاتوں کے ادھیکار سورج کو رسوں کا منگل اور خزانہ (دولت) کا ادھیکار سنیچر گرہ کو حاصل ہوا ہے۔ راجہ اور وزیر برہسپت کے زیر اثر ملک کے حکمراں لوگ رعایا کی بھلائی اور ترقی یافتہ منصوبوں کی جانب توجہ دینے کی کوشش کریں گے۔ زمین پر بارش موافق ہوگی، اور فصلوں کی پیداوار بھی اچھی ہوگی ہنرمند اور عالم لوگ زیادہ ترقی کریں گے۔ لوگوں کا رجحان دھرم کرم کی جانب بڑھے گا۔ بڑی طاقتوں کے درمیان امن معاہدے منعقد ہوں گے لوگوں کا رجحان مختلف قسم کے سکھ سادھنوں میں زیادہ ہوگا۔ ہلدی تیل روغن توریا سی اور دیگر زرد رنگ کی چیزیں کپاس تانبہ چاندی لوہا پیتل اور سونا وغیرہ دھاتوں کے بیوپاری اچھا منافع کما سکیں گے۔

جگت لگن۔ نو برس کنڈلی اور دُنیا کے حالات

۶۔ اپریل ۱۹۸۹ کو نئے برس کی داخلہ کنڈلی میں برکھ لگن طلوع ہوا ہے۔ برس کا راجہ اور وزیر برہسپت خانہ اول یعنی کیندر میں منعقد ہونا شبھ ہے۔

داخلہ نو برس کنڈلی صبح ۹ بجکر ۵ منٹ



جگت لگن کنڈلی رات ۵۰ ۲۱ پر



ملک میں صحت کے متعلق اداروں جیسے ہسپتال دھرم شالائیں اور دیگر دھارمک اداروں میں اضافہ ہوگا۔ عام رعایا کی حالت کی بہتری کی جانب توجہ دی جائے گی۔ ساتویں گھر پر منگل برہسپت دونوں کی نظریں پڑنے سے سوسائٹی میں عورتوں کا درجہ اونچا ہوگا۔ دنیا کے کچھ مخالف ممالک کے آپسی تعلقات میں بھی سُدھار ہوگا۔ گیارہویں خانہ میں بدھ پنچ راشی کا اور شکر ادیچ راشی کا ہو کر بھی غروب ہے جسکی وجہ سے کچھ ممالک کے حکمراں کے سامنے پیچیدہ حالات پیدا ہوں گے۔

جگت کنڈلی میں برشچک لگن کا طلوع ہوا ہے لگن پر منگل اور برہسپت گرہوں کی مشترکہ نظریں پڑ رہی ہیں۔ دنیا کے بہت سے ملکوں میں رائے شماری یعنی پرجا تنترک سسٹم کی جانب رجحانات بڑھیں گے۔ روس، امریکہ، پاکستان، برما، ایران اور دکنی افریقہ کے کچھ ملکوں میں اہم سیاسی اُلٹ پھیر اور تبدیلیاں ہونے کے امکان ہیں۔

لابھ خانہ میں اپنی راشی کا چندرماں ہونا دھارمک سماج کے دیگر قانونوں میں بہتر ترمیم کو ظاہر کرتا ہے۔ مگر دوسرے خانہ میں سنیچر ہر پھل نیچون گرہوں کا مقیم ہونا کچھ ممالک جیسے ایتھوپیا، پاکستان، سری لنکا، بنگلہ دیش، برما، ایران وغیرہ ممالک کے اقتصادی حالات بگڑ جائیں گے وہاں کی موجودہ حکومت کے حکمراں کے لئے پیچیدہ مشکلات پیدا ہوں گی۔ کہیں حکومت میں اچانک تبدیلیاں آئیں گی، برما، سری لنکا پاکستان اُتری کوریا جنوبی افریقہ کے بہت سے ممالک میں اندرونی گڑبڑ، آگ زنی قتل و غارت اور دھماکہ خیز وارداتیں ہوں گی اور وہاں صحیح طور پر جانی و مالی نقصان ہوں گے۔

جگت لگن اور نئے برس کی داخلہ کنڈلی اور آکاشی کونسل میں مقیم گرہوں کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ موٹے طور پر آئندہ سال گذشتہ سال کی نسبت بہتر اور پُرامن حالات لے کر آئے گا۔ دنیا میں امن سکھ اور چین میں اضافہ ہوگا۔ کچھ نئی ایجادات اور ترقی یافتہ منصوبوں کو بڑھاوا دیا جائے گا۔ اگرچہ دھارمک بیچ بیچ ناقص گرہ یوگوں کی وجہ سے دنیا کے پرامن ماحول کے بگڑنے کا اندیشہ ہے ماہ جنوری کے شروع میں ہی دھن راشی پر سورج سنیچر وغیرہ پانچ گرہوں کا اکٹھا ہونا، پاکستان ایران عراق بنگلہ دیش لبنان سیریا مصر وغیرہ مسلم ملکوں کے لئے خراب ہوگا۔ ان ممالک میں کہیں سیاسی اُتھل پتھل حکومت میں تبدیلی اور دھماکہ خیز وارداتیں ہوں گی۔ ۲۰۔ فروری کو مگھا نکشتر میں چاند گرہن دنیا میں آگ زنی توڑ پھوڑ ایٹمی دھماکے اور قاتلانہ وارداتیں ہوائی حادثہ جات ہونے کے امکانات ہیں۔ مارچ کے نصف حصہ میں کچھ راسوں پر چار گرہوں کا آنا بھونچال، ہوائی حادثے، آگ زنی، سیلاب وغیرہ قدرتی حادثات سے جانی و مالی نقصان ہوں گے۔

۹۔ اپریل سے یورینس اور ۲۳۔ اپریل سے سنیچر گرہ دھن راشی میں وکری ہوں گے۔ پلوٹو پہلے سے ہی ۱۶۔ فروری سے تلا راشی میں وکری ہو کر گرد کشن کر رہا ہے اس طرح چار اہم گرہوں کا ایک ساتھ وکری ہو جانا دنیا کے امن کے لئے خطرہ پیدا کریں گے دنیا کے کچھ ممالک میں سیاسی تبدیلیاں اور اندرونی گڑبڑ کے یوگ ہیں۔ ایران، عراق، اسرائیل، فلسطین، انگولہ اور دکنی افریقہ سری لنکا، برما، افغانستان وغیرہ ملکوں میں اہم سیاسی ردّ و بدل کے یوگ ہیں۔

مئی میں سنیچر منگل کا پتک یوگ کہیں ہوائی حادثے آگ زنی اور خوفناک دھماکے پیدا کرے گا۔ اگست میں سنگھ راشی پر چار گرہوں کا اکٹھا ہونا اور دسمبر میں پانچ گرہوں کا اکٹھا ہونا دنیا کے امن پسند ممالک کیلئے کچھ خطرہ بنے گا۔ کہیں جنگ اور ٹکراؤ کے حالات پیدا ہوں گے۔

اوپر لکھے ناقص یوگوں کے باوجود آکاشی کونسل میں شبھ گرہوں کے زیر اثر دنیا میں ایٹمی ہتھیاروں پر روک لگانے کا بڑھاوا دیا جائے گا نامبیا کی آزادی اور دکنی افریقہ کی رنگ بھید کی پالیسی کیخلاف مہم تیز ہوگی۔ اندرونی تناؤ کے باوجود، ایران عراق کے درمیان عملی طور پر جنگ بندی جاری رہے گی۔ روس امریکہ وغیرہ ممالک میں اونچی سطح پر امن کے معاہدے ہوں گے۔

دُنیا کے کچھ اہم ممالک:۔

امریکہ:۔ اس کی زیر اثر راشی متھن پر سال بھر سنیچر، یورینس اور نیپچون گرہوں کی مشترکہ نظریں پڑ رہی ہیں جگت کے لگن میں بدھ بھی غروب

ہوچکا ہے آئندہ راشٹرپتی کے انتخابات میں ری پبلکن اور ڈیموکریٹک پارٹیوں میں شدت سے کشمکش ہوگی۔ ڈیموکریٹک پارٹی کا اثر بڑھنے کے باوجود ری پبلکن پارٹی کی جیت ہوگی۔ پاکستان کو فوجی اسلحہ کی امداد جاری رہے گی۔ درمیانہ دوری کے ایٹمی ہتھیاروں پر روک کے باوجود مختلف ترقی یافتہ ممالک کے درمیان ٹکراؤ اور گٹ بندی کی پالیسی جاری رکھے گا۔ اور ساتھ ہی دنیا میں ایٹمی ہتھیاروں کی دوڑ کو جاری رکھے گا۔ امریکہ اور پاکستان افغانستان کے معاملہ پر جنیوا معاہدے کی خلاف ورزی کریں گے۔

روس :- اس کی زیر اثر راشی کنبھ پر راہو ۲۲ ستمبر تک گردش کرے گا۔ یہ عرصہ روس کی مرکزی پارٹی کے سرکردہ لیڈروں کے لئے تشویشناک ہوگا۔ امریکہ کے ساتھ امن معاہدے کو پورا کرنے کی پوری کوشش کرے گا۔ خلا میں اپنی فوجی اڑانیں جاری رکھے گا۔ روس میں اعتدال پسند عناصر میں اضافہ ہوگا۔ پارٹی حکومت پر بجائے صدر راج کی حکومت کا رجحان بڑھے گا۔ بھارت کے ساتھ سیاسی بیوپار تعلقات اور گہرے ہوں گے افغانستان کے معاملہ پر پاکستانی اور امریکی حکومت کی دخل اندازی کی وجہ سے ان کے ساتھ سیاسی تعلقات تشویشناک ہوں گے بھارت کے ساتھ دفاعی تعاون بڑھے گا۔

پاکستان :- گذشتہ سال جنرل محمد ضیاء الحق کی اچانک وفات اور ان کی حکومت کا انجام جس ڈرامائی طریقہ سے ہوا اس کا ذکر ہم نے اپنی گذشتہ سال کی مفید عالم جنتری کے صفحہ ۱۲ پر صاف طور سے کر دیا تھا۔ آئندہ سال پاکستانی حکومت کے لئے اہم امتحان کا برس ہوگا۔ جگت کنڈلی میں پاکستان کی راشی کنیا کا مالک بدھ غروب ہو کر چھٹے خانہ میں مقیم ہے۔ جس سے پاکستانی حکومت کو گہرے سیاسی چیلنج کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگرچہ پیپلز پارٹی کی لیڈر بے نظیر بھٹو پاکستان کی سیاست میں اہم رول ادا کرینگی مگر حکومت میں بطور صدر داخل ہونا یقینی نہیں ہے۔ مسلم لیگ پارٹی میں بھی دھڑے بندی پیدا ہوگی۔ کل ملا کر پاکستان میں چناؤ کے باوجود سیاسی کشمکش اُتھل پتھل اور کشیدگی کے حالات پیدا ہوں گے ملک میں اندرونی دنگے فساد توڑ پھوڑ آتشزنی، سیاسی تتل اور دھماکہ خیز وارداتیں زیادہ ہونگی۔ افغانستان اور بھارت کے انتہا پسندوں کو خفیہ طور پر ہتھیاروں کی مدد کرتا رہے گا۔ روس کے ساتھ تعلقات بگڑینگے حکومت میں فوج کا اثر پہلے کی طرح برقرار رہے گا۔ پاکستان میں آزادانہ جمہوریت کا خواب ابھی ادھورا ہی رہے گا۔

برما :- اس کی زیر اثر راشی تُلا ہے یہاں کے عوام قومی اپوزیشن کے طور پر فوجی حکومت کیخلاف ایک جُٹ ہو کر مہم چلائیں گے۔ ملک میں وسیع طور پر توڑ پھوڑ اور سیاسی قتلوں کا چکر چلے گا۔ آخر کار عوام کی یونائیٹڈ فرنٹ فار ڈیموکریسی پارٹی جمہوری حکومت قائم کرنے میں کامیاب ہو جائے گی

سنہ ۱۹۸۹ء میں گوچر گرہوں کی پوزیشن اور بھارت

جنم کنڈلی آزاد بھارت سنہ ۱۹۴۷ء



آزاد بھارت ۴۲ واں سال

۱۵۔ اگست ۱۹۸۸ء کو آزاد بھارت ۴۲ ویں سال تُلا لگن میں داخل ہو چکا ہے لگن کا مالک شکر جو کہ اہم رحما اور منتری منڈل کا بھی مالک ہے نویں خانہ میں مقیم ہے اس پر سنیچر کی نظر پڑ رہی ہے جو کہ یہ ظاہر کرتی ہے کہ بھارت کے ترقی پسند منصوبوں میں رکاوٹیں پیدا ہوں گی۔ یوم جمہوریت ۲۶ جنوری کے ۴۰ ویں برس کی کنڈلی میں میں لگن کا طلوع ہوا ہے۔ ۲۶ جنوری ۱۹۵۰ء کی یوم جمہوریت کے نا پچہ میں بھی لگن ہی تھا۔ اس طرح سے یوم جمہوریت کی کنڈلی میں ہندوستان کے لئے آئندہ سال میں دونوں جنما لگن ہوگا۔ تاجک گرنتھوں میں اس کا اثر خراب بتایا گیا ہے۔ آزاد ہند اور گن تنتر (یوم جمہوریت) کی کنڈلی میں بھارت کی زیر اثر راشی مکر پر برہسپت کی نیچ نظر پڑ رہی ہے یوم جمہوریت کے ناچہ میں چوتھے خانہ میں منتھا پڑنا اور نقشیش بدھ کا غروب ہونا، بھارت سرکار کے سرکردہ رہنما کیلئے آئندہ سال تشویشناک مشکلوں سے بھرا ہوا ہوگا۔ آزاد ہند اور جمہوریت ہند دونوں کنڈلیوں میں مکر راشی ناقص گرہوں سے گھری ہونے کا اثر ہم گذشتہ سال سیلاب، بھوچال، ہوائی حادثے وغیرہ قدرتی علامات کے رُوپ میں پہلے ہی دیکھ چکے ہیں۔ ۲۰۔ فروری ۱۹۸۹ء کو مگھا نچھتر میں چاند گرہن لگن اور ۲۳ فروری کو سورج اور راہو کی یوتی ہونا سیاسی اداروں میں بھاری تبدیلیوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ ملک میں کہیں آگ زنی، قاتلانہ وارداتیں، اندرونی گڑبڑ اور سیاسی ٹکراؤ پیدا ہوں گے کچھ پارٹیوں میں جوڑ توڑ ہوں گے۔ لوگوں میں آنکھوں کی بیماری پھیلنے کا اندیشہ ہے بے موسمی برسات درختوں کے پھلوں، پھولوں کا نقصان مویشیوں کے دودھ میں کمی ہو۔ اور عورتوں کے گربھ پات میں اضافہ ہو۔



۱۱ بیساکھ سے سنیچر وکری ہوگا۔ اور منگل کے ساتھ ساتویں نظر کرے گا۔ یہ یوگ ۵ رجون تک بنا رہے گا۔ بھارت سرکار کے لئے کٹھن امتحان کا موقعہ ہوگا۔ اتر پردیش، مدھیہ پردیش، گجرات، کرناٹک، پنجاب، ہماچل پردیش آدی صوبوں میں موجودہ سرکار کے منتری منڈلوں میں بھاری تبدیلیاں ہوں گی۔ کہیں راج میں تبدیلی۔

(چھتر بھنگ) خالہ شاری (دُربھکھ) بھونچال سیلاب وغیرہ قدرتی آفات سے جانی ومالی نقصان ہوں گے۔ بیساکھ ماہ پانچ سنیچر وار پڑنا حکمراں کے لئے ناقص اثرات ہوں گے۔ ملک کے پورب اتر حصوں میں کہیں چھتر بھنگ آتشزنی اور دربھکھ وغیرہ کی وارداتیں ہوں گی۔ عام روزمرہ کی چیزوں کی قلت اور ان کے نرخوں میں شدید تیزی کے یوگ ہیں۔

ماہ ستمبر کے نصف حصہ تک سنیچر یورنیس وغیرہ ناقص گرہوں کا وکری ہونا بھارت سرکار کے لئے پیچیدہ حالات پیدا ہوں گے۔ مخالف پارٹیاں ایک جٹ ہوکر موجودہ سرکار کے لئے الجھنیں پیدا کرنے کی کوشش کریں گی۔ ملک میں کہیں قحط، دہشت پسندی، بے روزگاری، فرقہ وارانہ فسادات، مہنگائی اور قدرتی حادثوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ کشمیر پنجاب راجستھان گجرات اتر پردیش مہاراشٹر آندھرا پردیش اور کرناٹک وغیرہ میں اُپدرو، مہنگائی، فرقہ وارانہ فسادات اور توڑ پھوڑ کی وارداتیں ہوں گی۔ پنجاب، گجرات، آندھرا پردیش کشمیر میزورم کے مسائل اندر ہی اندر سُلگتے رہیں گے۔

یکم جولائی سے سال کے آخر تک برہسپت متھن راشی میں گردش کرے گا۔ جو رعایا میں دہشت گڑبڑ حکمرانوں میں آپسی کھینچا تانی تناؤ اور مخالفت پیدا کرے گا۔ معقول بارش کی قلت بھی رہے گی۔ یعنی کبھی بارش کی کمی اور کبھی بارش کی شدت کی وجہ سے سیلاب وغیرہ سے جانی اور مالی نقصان ہونگے۔

۱۸۔ اگست کو سورج کیتو کی سنگھ راشی پر درجہ جات یوتی ہونے سے کسی خاص شخصیت کی اچانک وفات کے یوگ ہیں۔ سیاسی اتھل پتھل اور مرکزی وزارت میں اہم تبدیلیاں ہونے کے یوگ ہیں۔ کہیں سیلاب وغیرہ سے جانی ومالی نقصان ہوں گے۔

۲۳۔ ستمبر سے راہو مکر راشی میں گردش کرے گا۔ ملک کے رہنماؤں کے سامنے پیچیدہ مسائل پیدا ہوں گے۔ مرکزی وزارت میں اہم تبدیلیاں ہونگی۔ ملک میں سیاسی اُلجھنیں پیدا ہونگی۔ کوئی اہم عہدہ خالی ہوگا۔ کسی اہم شخصیت کو جانی نقصان کا خطرہ بنے گا۔

کانگرس پارٹی آئی اور شری راجیو گاندھی

کنڈلی شری راجیو گاندھی



باوقت عہدہ اور کنڈلی



پردھان منتری شری راجیو گاندھی کی حلف برداری کے وقت کی کنڈلی ۳۱ دسمبر ۱۹۸۴ء شام تقریباً ۶ بجے اور ان کی کنڈلی کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ آئندہ سال شری راجیو گاندھی کے لئے شدید مشکلات سے بھرا ہوا سال ہوگا۔ شری راجیو گاندھی کی جنم راس پر کیتو گرہ کی گردش اور اسی راس پر ۲۰ فروری ۱۹۸۹ء کو چاند گرہن لگنا۔ ۲۳۔ فروری کو سورج راہو کی یوتی اور سنیچر کا پانچویں (گوچر بس) خانہ میں ہونا وغیرہ ناقص یوگ یہی واضح کرتے ہیں کہ آئندہ چناؤ میں موجودہ کانگرس پارٹی کو بہت پیچیدہ حالات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ پارٹی کے بہت سے عہدے داروں کو تبدیل کیا جائے گا۔ اتر پردیش مدھیہ پردیش راجستھان جموں وکشمیر اور مزورم وغیرہ کے کچھ علاقوں میں موجودہ پارٹی کی اہمیت کو گہرا دھکا لگنے کے یوگ ہیں پارٹی میں غیر یقینی طور پر کچھ گڑھ ٹوٹیں گے اور کچھ نئے علاقے حاصل ہوں گے۔ کچھ نئے علاقوں جیسے کرناٹک، آندھرا پردیش، آسام، اروناچل وغیرہ صوبوں میں کچھ کامیابی حاصل ہوگی۔ جن وادی مورچہ زیادہ دیر تک ٹکا نہیں رہے گا۔ مخالف پارٹیوں کی اندرونی پھوٹ کا فائدہ آخر کار کانگرس پارٹی کو ہی ملے گا۔

شری گاندھی کی شیتھ کال کی کنڈلی میں ۳۰ جون ۱۹۸۹ء کے بعد برہسپت مرکز میں آجانے سے انتخابات میں بھاری اکثریت حاصل نہ ہونے پر بھی شری راجیو گاندھی اور ان کی پارٹی ہی حکومت میں آگے آنے میں کامیاب ہو جائے گی۔ اگرچہ ان کو بھاری مخالفت کا سامنا کرنا پڑے گا۔

آزاد ہند (بھارت) کے نئے برس کی کنڈلی میں منتھا لگن میں ہے اور منتھا کا مالک بھاگیہ کا (نویں) خانہ میں پڑنا اور جمہوریت کی کنڈلی میں راج دربار کے خانہ میں منتھا کی نظر پڑتی ہے۔ گیارہویں خانہ میں منتھا کے مالک بدھ اور سورج برس کے راجہ اور وزیر برہسپت کی شبھ نظر ہونے سے شدید جدوجہد کے حالات کے باوجود دنیا میں بھارت کی اہمیت میں اضافہ ہوگا۔ غیر جانبدار ممالک میں بھارت کا وقار بڑھے گا۔ تعلیم، صنعت اور سائنس کے میدان میں بھارت ترقی کرے گا۔ حفاظتی، سائنسی ہتھیاروں، سپر کمپیوٹروں سمیت کاغذ، ٹیلی ویژن، سٹیلائٹ، چمڑا۔ کل پرزے اور انجینئرنگ کے میدان میں ترقی ہوگی بجلی، رابطہ اور راہ ورسم بڑھے گا۔ پٹرولیم، کوئلہ چینی چاولوں اور دیگر صنعت سازی کے سلسلہ میں غیر ممالک کے ساتھ کاروباری سمبندھ ہوں گے۔ کینیڈا، جارڈرن، سپین، چیکوسلواکیہ، جاپان، کوریا، روس، امریکہ، ترکی، جرمنی اور دیگر دیشوں کے ساتھ زراعتی سمجھوتے ہونگے ان دیشوں کے ساتھ سیاسی تعلقات بڑھیں گے۔

بیوپارک حالات

گرہوں کی پوزیشن کے مطابق عام لوگوں کی مالی حالت بدتر رہے گی ٹیکسوں کا بوجھ بڑھے گا۔ بیوپاری لوگ، ہلدی، تیل، رنگ، روئی، کپڑا، السی۔ پیلے رنگ کی اشیا سونا پیتل تانبہ وغیرہ کی دالیں دودھ تیل رسدار چیزوں، چاندی جست، سُندرتا، کھل، بنولے کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔

بھارت کی آب وہوا اور فصلوں کی پیداوار کے حالات

آئندہ سال بارش وغیرہ چار استمبھوں میں چیت شدی یکم ریوتی نکشتر ۸۱ فی

صدی ہے جو کہ بارش وغیرہ نظر سے شبھ ہے۔ نو میگھوں میں نیلج نام کا میگھ اور بارش کا مالک بدھ ہونا بھی آئندہ اچھی بارش اور دھان باجرہ آم سیب وغیرہ کی اچھی پیداوار کو ظاہر کرتے ہیں ۲۱ جون ۱۹۸۹ء کو ۴۹ گھڑی ۳ پل پر بروز بدھوار کو سورج مین لگن کے وقت آردرا نکشتر میں داخلہ کرے گا۔ آردرا



کنڈلی میں مین لگن یعنی جل راشی طلوع ہوئی ہے لگن راشی کا مالک برہسپت بادلوں کے سوامی بدھ کے ساتھ پرتھوی تتو کی راشی (برکھ) میں تیسرے خانہ میں مقیم ہے۔ اس کے زیر اثر آئندہ برس بھاری اور معقول بارش کے یوگ پائے جاتے ہیں مانسون برموقعہ اور بارش اچھی ہوگی۔ اتر پردیش بہار، اڑیسہ، آسام گجرات بنگال ہماچل پنجاب وغیرہ پردیشوں میں سیلاب وغیرہ قدرتی حادثات کی وجہ سے فصلوں، دولت اور جانی نقصان ہونے کا اندیشہ ہے پانچویں خانہ میں کرک راشی (نیچ) کا منگل ہونا اور سورج سنیچر کی آپسی نظر میں موافق بارش ہونے میں رکاوٹیں پیدا کرینگے اس وجہ سے مان سون کی اچھی بارش کا بھی امید کے مطابق اچھا منافعہ حاصل نہیں ہو پائے گا۔

پنجاب :- اس زیر اثر راشی کنیا پر سنیچر کی خاص نظر اس سال کے آخر تک رہے گی۔ ۲۲ ستمبر تک یہ راشی کیتو اور پٹو۔ دو ناقص گرہوں کے درمیان گری رہے گی اس کے زیر اثر پنجاب کے موجودہ حالات، میں امید کے مطابق پورے طور سے سُدھار نہیں ہوگا۔ انتہا پسندوں کی سرگرمیاں کم ہونے کے یوگ ہیں سیاسی حالات میں اہم تبدیلیاں ہونے کے یوگ ہیں اور پنجاب کا مسئلہ قانون اور بندوبست کا مسئلہ بن جائے گا۔ صوبہ میں لوٹ، مار، چوری، ڈکیتی اور سنسنی خیز چکر چلنے کا بھی یوگ ہے۔ عام جنتا کی اقتصادی حالت خراب اور چھوٹے و بڑے کاروباری اداروں کو مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ لیکن انتہا پسندی کے کام جاری رہیں گے۔ صوبہ کی اقتصادی حالت کو زک پہنچے گا۔

ہماچل پردیش :- اس کی زیر اثر راشی مین ہے سال کے شروع سے ہی اسکی راشی کا مالک برہسپت تیسرے خانہ میں شبھ ہو کر مقیم ہے اسوجہ سے ہماچل کی موجودہ سرکار کو شدید مشکلات کے باوجود پردیش میں چھوٹی صنعتوں کو بڑھاوا دیا جائے گا۔ صوبائی سرکار آسان شرائط پر صنعتی قرضے دیگی۔ بجلی، دور سنچار لکڑی، دھان مکہ، کپاس، سیب وغیرہ کی صنعتوں کی پیداوار بڑھانے کے لئے موجودہ حکومت خاص توجہ دے گی۔ آئندہ انتخابات میں مخالف پارٹیوں کا اثر بڑھے گا۔

یکم جولائی ۱۹۸۹ء سے اسکی راشی میں سے برہسپت چوتھے خانہ میں اور ۹ ستمبر سے ۲۴۔ اکتوبر تک منگل کی نظر پڑنے سے صوبہ کے رہنماؤں کو پیچیدہ مسائل سے دوچار ہونا پڑے گا۔ کہیں ضروری اشیا کی کمی کمر توڑ مہنگائی، آتشزنی، بھونچال اور ژالہ باری اور قدرتی آفات سے لوگوں کا جانی و مالی نقصان ہوگا۔ شدت کی مہنگائی اور بھرشٹاچار کی وجہ سے عام رعایا دُکھی ہوگی۔

جموں و کشمیر

اس کی زیر اثر راشی تلا ہے۔ گرہ یوگ کے مطابق موجودہ فاروق سرکار کو مزید تشویشناک مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ قدرتی آفات کی وجہ سے صوبہ کی اقتصادی حالت خراب ہوگی۔ صوبہ میں انتہا پسند فرقہ وارانہ عناصر کا زور بڑھے گا۔ دہشت پسندی توڑ پھوڑ آتشزنی اور دھماکہ خیز وارداتیں ہوں گی۔ آمد و رفت اور ٹورازم کے مقصد کو بھاری نقصان پہنچے گا۔ پھلوں، پھولوں، اونی کپڑوں، غالیچوں اور ہتھ کرگھا کی صنعتوں کو سرکاری امداد کے باوجود کوئی خاص ترقی نہ ہو سکے گی۔ عام روزگار اور دیگر صنعتوں میں مندے کی لہر چلے گی۔

۲۱۔ جولائی کو شکر، کیتو کی کلاتمک یوتی ہونے سے کہیں سیلاب دھماکہ آتشزنی، سڑک حادثات، قاتلانہ اور دھماکہ خیز وارداتیں ہونے کے یوگ ہیں۔ فرقہ وارانہ دہشت پسند عناصر کو دبانے میں صوبائی سرکار کامیاب نہ ہو پائے گی۔

ہریانہ

اس کی زیر اثر راشی متھن پر سنیچر کی نظر سال بھر چلے گی۔ صوبائی حکومت کو بہت سے مسائل سے نپٹنا پڑے گا۔ جن وادی مخالف پارٹیوں کا گٹھن صوبہ کی بہت سی ترقی یافتہ صنعتوں کے لئے رکاوٹ کا باعث بنے گا۔

نئے صنعتی منصوبوں کا فائدہ عام رعایا تک نہیں پہنچ پائے گا۔ مکھیہ منتری کی تاناشاہ پالیسی کے باعث پارٹی کے کچھ سرکردہ ناراض ہو کر نیا گٹھ جوڑ کریں گے۔ مرکزی حکومت کے ساتھ مخالفت بڑھے گی۔ یونائٹڈ جن مورچہ پارٹی کا گٹھن اندرونی پھوٹ کے باعث پُر اثر نہیں ہو پائے گا۔

راجستھان

یوم جمہوریت کی کنڈلی میں اسکی زیر اثر راشی تُلا کی حالت اچھی نہیں ہے اس وجہ سے صوبائی سرکار کے سامنے آئندہ سال چیلنجوں سے بھرا سال ہوگا۔

ترقی یافتہ مزید منصوبوں کے راستوں میں بہت سی رکاوٹیں آئیں گی۔ بھرشٹاچار فرقہ وارانہ وارداتوں کی وجہ سے صوبائی سرکار کے وقار کو دھکا پہنچے گا۔

مندرجہ بالا پیشگوئیاں اپنی محدود عقل کے مطابق لکھی گئی ہیں دراصل ہر لمحہ کے نصیب کو پہلے سے جاننے والا تو خود ایشور ہی ہے۔

خیر اندیش

پنڈت پنا لال جیوتشی ایم اے

مصنف اصلی مفید عالم جنتری

اڈہ ہوشیار پور۔ جالندھر۔ فون۔ ۲۸۸۴۹

وچن امرت جو آنکھ سے اوجھل ہو کر کام بگاڑے اور سامنے آکر میٹھی میٹھی باتیں ایسا متر اُس گھڑے کے سمان ہے جس کے اندر زہر اور منہ پر ماکھن ہو۔

نام راس اور نچھتر معلوم کرنے کا طریقہ

اپنی راس اور نچھتر معلوم کرنے والے کو چاہیئے کہ اپنے نام کا پہلا حرف اس نقشہ میں دیکھے۔ اس حرف کے اوپر جو راس لکھی ہے وہی اس شخص کی راس ہوگی اور جو نچھتر اس کے دائیں ہاتھ لکھا ہے وہی اس کا نچھتر ہوگا۔ ایک شخص نتھو رام کی راس و نچھتر معلوم کرنا ہے۔ پہلا حرف "ن" زیریں برسچک راس اور دائیں ہاتھ انرادھا نچھتر لکھا ہے۔ پس نتھو رام کی راس برسچک اور نچھتر انرادھا ہے۔ اسی طرح ہر ایک نام کی راس اور نچھتر دیکھ لو۔

میکھ		برکھ		متھن		کرک		سنگھ		کنیا		تلا		برسچک		دھن		مکر		کنبھ		مین	
چرن	حروف	چرن	حروف	چرن	حروف	چرن	حروف	چرن	حروف	چرن	حروف	چرن	حروف	چرن	حروف	چرن	حروف	چرن	حروف	چرن	حروف	چرن	حروف
نچھتر	راس	نچھتر	راس	نچھتر	راس	نچھتر	راس	نچھتر	راس	نچھتر	راس	نچھتر	راس	نچھتر	راس	نچھتر	راس	نچھتر	راس	نچھتر	راس	نچھتر	راس
اشنی ۱	چو चु	کرتکا ۲	ای इ	برگشر ۳	ک क	پنربس ۴	ہی हि	مگھا ۱	م म	اترا پھالگنی ۲	او टो	چترا ۳	ر र	بشاکھا ۴	تو तो	مولا ۱	یے ये	پوربا ۲	بھو भो	اترادھا ۳	گو गु	پوربا ۴	دی
۲	چے चे	۳	او ऊ	۴	کی कि	پکھ ۱	ہو हु	۲	می मि	۳	پ प	۴	ری रि	انرادھا ۱	ن न	۲	یو यो	۳	جا ज	۴	گے गे	اترا پھالگنی ۱	دو
۳	چو चो	۴	اے ए	آردرا ۱	کو कु	۲	ہے हे	۳	مو मु	۴	پی पि	سواتی ۱	رو रु	۲	نی नि	۳	بھ भ	۴	جی जि	مگھا ۱	گو गो	۲	[illegible]
۴	لا ल	روہنی ۱	او ओ	۲	گھ घ	۳	ہو हो	۴	مے मे	ہست ۱	پو पु	۲	رے रे	۳	نو नु	۴	بھی भि	بھجت ۱	جو जु	۲	س श	۳	[illegible]
بھرنی ۱	لی लि	۲	ب ब و व	۳	انگاں ङ	۴	ڈا ड	پوربا ۱	مو मो	۲	کھا ष	۳	رو रो	۴	نے ने	پوربا ۱	بھو भु	۲	جے जे	۳	می मि	۴	[illegible]
۲	لو लु	۳	بی बि	۴	چھ छ	اشلیکھا ۱	ڈی डि	۲	ٹ ट	۳	ناں ण	۴	ت त	جیشٹھا ۱	نو नो	۲	دھ ध	۳	جو जो	۴	سو सु	۲	ریوتی ۱
۳	لے ले	۴	بو बु	پنربس ۱	کے के	۲	ڈو डु	۳	ٹی टि	۴	ٹھ ठ	بشاکھا ۱	تی ति	۲	یا य	۳	پھ फ	شروان ۱	کھ खि	پوربا ۱	سے से	۲	[illegible]
۴	لو लो	برگشرا ۱	بے बे	۲	کو को	۳	ڈے डे	۴	ٹو टु	چترا ۱	پے पे	۲	تو तु	۳	پی यि	۴	ڈھ ढ	۲	کھو खु	۲	سو सो	۳	[illegible]
کرتکا ۱	آ आ	۲	بو बो	۳	ہا ह	۴	ڈو डो	اترا پھالگنی ۱	ٹے टे	۲	پو पो	۳	تے ते	۴	یو यु	اترا کھاڑا ۱	بھے भे	ڈھنشٹا ۱	گی गि	۳	دا द	۴	[illegible]

قسمت یعنی تقدیر کے روزانہ حالات

نمبر ۱				نمبر ۲				نمبر ۳				نمبر ۴				نمبر ۵			
۷	۵	۳	۱	۷	۶	۳	۲	۷	۶	۵	۴	۱۱	۱۰	۹	۸	۱۹	۱۸	۱۷	۱۶
۱۵	۱۳	۱۱	۹	۱۵	۱۴	۱۱	۱۰	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۲۳	۲۲	۲۱	۲۰
۲۳	۲۱	۱۹	۱۷	۲۳	۲۲	۱۹	۱۸	۲۳	۲۲	۲۱	۲۰	۲۷	۲۶	۲۵	۲۴	۲۷	۲۶	۲۵	۲۴
۳۱	۲۹	۲۷	۲۵	۳۱	۳۰	۲۷	۲۶	۳۱	۳۰	۲۹	۲۸	۳۱	۳۰	۲۹	۲۸	۳۱	۳۰	۲۹	۲۸

فروری کے آخر میں اور مارچ کے شروع میں شیئر بازار میں مندی کی لائن بنے گی۔ مگر مارچ کے شروع میں برتھ راشی میں منگل اور ۷ تاریخ کو منگلوار کی اماوس ہونے سے لال رنگ کی جنسوں میں تیزی کا ماحول بنا رہے گا۔ سبھی طرح کے شیئر بازار میں ۱۷ اپریل تک تیزی کا رُخ بنے۔ چند روز بازار میں مندے کی لہر چلے گی۔ پھر 23 اپریل سے سنیچر وکری ہو جانے سے السی۔ سرسوں۔ سونا۔ چاندی۔ سوتی اور ریشمی دھاگے۔ مشینی کل پرزے اور بناسپتی کے شیئرز میں دوبارہ تیزی کے جھٹکے لگنے لگیں گے۔ مئی جون میں سب طرح کے شیئر بازار میں ٹھہراؤ اور خاموشی کا ماحول بنا رہے گا۔

شیئر بازار میں تفصیل سے حال جاننے کے لئے پانچ سو ایک روپیہ (۵۰۱ روپیہ) پیشگی آنے پر ہی رپورٹ تیار کر کے بھیج سکتے ہیں۔

خیر اندیش:- پنڈت پنالال جیوتشی۔ اڈہ ہوشیارپور۔ جالندھر

بواسیر کا علاج کالی مرچ۔ تلسی کے پتے ہموزن لے کر باریک پیس کر مٹر کے دانے کے برابر گولیاں بنا کر شیشی میں رکھیں۔ ایک سے دو گولی روزانہ ہمراہ تازہ پانی لیں۔
(ڈاکٹر ایچ۔ پی سچر۔ نیا بازار۔ جالندھر)

جیوتش کا ریالیہ

پنڈت دیوی دیال مشہور عالم جیوتشی اینڈ سنز لاہور والے

شمالی ہندوستان میں علم جیوتش کا پراچین (قدیم) مرکز۔ زندگی کے عام واقعات کی جانکاری علم جیوتش کے ذریعے حاصل کریں۔ آپ کی زندگی کے شبھ اشبھ حالات یا آپ کی قسمت میں کیا ہونے والا ہے۔ اس کا کھول کر بتانے والا آئینہ زندگی آپ کا زائچہ پیدائش یا جنم پتری۔ جیوتش کوئی چمتکار یا جادو نہیں بلکہ ایک وگیان کنڈلی یا جنم پتری کی بنا پر زندگی کے حالات کا صحیح یا غلط ثابت ہونا کافی حد تک اس بات پر انحصار رکھتا ہے کہ آیا جنم پتری وگیان مولک طریقہ سے بنائی گئی ہے یا محض اندازے سے۔ ہمارے یہاں جنم پتری مہورت اور پرشن نیز ورش پھل شدھ درک گنت کے حساب سے بنائے جاتے ہیں۔ جن میں گزشتہ اور آئندہ زندگی کے حالات۔ بیماری سے نجات۔ اولاد عورت کا سکھ۔ بیوپار میں نفع نقصان۔ دھن۔ جائداد نوکری وغیرہ کا وچار پورے دھیان سے کیا جاتا ہے۔

جنم پتری۔ ٹیوہ یا ورش پھل بنوانے کے لئے

وقت۔ مہینہ۔ دن۔ تاریخ۔ سال (عیسوی سن) ملک یا دیش۔ پتا ماتا کا نام۔ ذات و پیشہ لکھ کر بھیجیں۔ زائچہ پیدائش یا ورش پھل وغیرہ کی فیس کی تفصیل یہ یوں ہے:- اُردو یا ہندی میں جنم پتری ایک سو ایک روپے۔ ڈاک خرچ -/۱۰ روپے (دس روپے) الگ۔ غیر ملکوں میں پیدا ہوئے افراد کی جنم پتری تیار کرنے کے لئے -/۲۵۰ روپے۔ ڈاک خرچ الگ۔

نوٹ:- اگر آپ کو وقت پیدائش تاریخ وغیرہ یاد نہ ہو تو اپنی اندازاً عمر۔ ذاتی پیشہ وغیرہ اور خط لکھنے کی تاریخ اور وقت صاف صاف لکھ کر بھیجیں۔ ایک وقت میں دو یا تین سوال ہی پوچھنے چاہئیں۔ دو یا تین سوالوں کی فیس روپے اور ڈاک خرچ ۱۰ روپے الگ ہوں گے۔ جنم پتری پر سے گرہوں کی شانتی کے اُپائے اور سدھ منتر بھی لکھے جاتے ہیں۔ پوری رقم اور ڈاک خرچ پیشگی بھیجنا ضروری ہے۔ مزید تفصیل کے لئے نیچے لکھے پتہ سے رابطہ قائم کریں:-

پنڈت پنالال جیوتشی ایم اے مینیجر مالک پنڈت دیویدیال جیوتشی اینڈ سنز
اڈہ ہوشیارپور جالندھر

مصنف پنڈت بنّالال جیوتشی ایم اے

جنم کنڈلی میں گرہوں کے یوگ!

جنم کنڈلی میں بعض وقت دو تین اور چار گرہ ایک جگہ اکٹھے ہو جاتے ہیں جنکو یوگ کہا جاتا ہے۔ پراچین گرنتھوں سے دستیاب بعض لوگوں کے وچار پھل یہاں درج کئے جا رہے ہیں ان کا نمبرہ بیان کرتے وقت وہ جس راشی اور گھر میں گرہ پڑے ہوں، ان کا لحاظ رکھا جانا چاہیئے۔

(پنّالال جیوتشی)

۱۔ اجر (رجو) یوگ:۔ جنم کنڈلی کے اندر اگر سب گرہ چر راشیوں میں پڑے ہوں تو وہ شخص دیس پردیس میں گھومنے والا، سخت مزاج، قریبی اور بڑی چال وحکمت سے کام کرنے والا ہوتا ہے۔

۲۔ موسل یوگ:۔ جنم کنڈلی کے اندر اگر سب گرہ استھر (غیر متحکم) راشیوں میں پڑے ہوں تو وہ شخص بڑا پرتاپی، شبھ آچار (اچھے چال چلن) والا بہادر اور ہر ایک کا غم خوار ہوتا ہے۔

۳۔ نل یوگ:۔ جنم کنڈلی کے اندر اگر سب گرہ استھر دو سبھاؤ راشیوں میں پڑے ہوں تو وہ شخص استری اور دھن دولت سے خوشحال اور فارغ البال ہوتا ہے۔

۴۔ سنیاس یوگ:۔ کیندر یا تکون میں چار یا چار سے زیادہ گرہ واقع ہوں تو سنیاس یوگ ہوتا ہے وہ شخص سادھو یا فقیروں کے فرقہ میں زندگی بسر کرنیوالا ہوتا ہے۔

۵۔ بجر یوگ:۔ جنم لگن اور ساتویں گھر میں اشبھ گرہ بلوان ہوں اور چوتھے و دسویں گھر میں پاپی گرہ پڑے ہوں تو اس یوگ میں اس شخص کی زندگی پہلی اور پچھلی عمر میں خوشی اور فائدہ ملتا ہے۔ درمیانی زندگی جوانی کی حالت میں دکھ رنج اور تکلیفات کو بھوگتا ہے۔

۶۔ شنکھ یوگ:۔ چھٹے گھر کا سوامی اور پانچویں گھر کا سوامی باہم مرکز میں بیٹھے ہوں اور لگن کا سوامی بلوان ہو تو اسکا نام شنکھ یوگ ہوتا ہے لگن اور دشم کا سوامی کیندر میں واقع ہوں اور نہم بھاؤ کا سوامی بھی ساتھ ہو تب بھی شنکھ یوگ ہوتا ہے شنکھ یوگ میں جنم لینے والا شخص عیش و عشرت کا دلدادہ، تھلیمیافتہ، استری، پتر اور فارغ البال ہوتا ہے۔ ایسا شخص شاستر کے گیان اور وچار والا اور اسّی برس تک عمر والا ہوتا ہے

۷۔ شکٹ یوگ:۔ لگن اور ساتویں گھر میں سپوُرن گرہ واقع ہوں تو شکٹ یوگ ہوتا ہے۔ اس یوگ میں جنم لینے والا پُرش روگی، کھوٹے مزاج والا، غریب، دوستوں اور رشتہ داروں سے محروم، کم عقل اور محنت و مشقت کرکے روزی کمانے والا ہوتا ہے۔

۸۔ اقبال یوگ:۔ چندرماں سے ساتویں گھر میں شکر ہو تو وہ شخص مالدار ہو۔ برہسپت، بدھ، شکر کیندر میں ہوں تو بڑا خوش نصیب ہو۔ کیندر میں کوئی شبھ گرہ نہ ہو تو منحوس، ظالم اور بدنصیب ہو۔ چاروں کیندروں میں کوئی گرہ نہ ہو تو ایسا شخص بدنصیب ہوتا ہے۔ اور عموماً پریشان رہتا ہے۔

۸۔ کاہل یوگ:۔ جس شخص کے جنم لگن میں ناتویں اور تیسرے گھر کے مالک آپس میں مرکزی مقام پر واقع ہوں اور لگن کا مالک بلوان ہو تب کاہل یوگ ہوتا ہے اگر چوتھے گھر کا مالک اور دشمیش (مالک خانہ دہم) ایک ساتھ ہوں اور چوتھے گھر کا مالک اپنی اوچ راشی یا شبھ گھر میں پڑا ہو تب بھی کاہل یوگ ہوتا ہے اس یوگ میں جو شخص جنم لیتا ہے وہ بڑا شور بیر، بہادر، پراکرمی، ہٹ اور ضد پر قائم رہنے والا ہوتا ہے۔ تھوڑی بات پر اپنا ارادہ نہیں بدلتا۔ صاحب جائیداد اور خوشحال ہوتا ہے۔

۱۰۔ کورم یوگ:۔ جس کنڈلی کے پانچویں، چھٹے اور ساتویں گھر میں شبھ گرہ ہوں اور اپنے اوچ متر کے نواس وراشی میں پڑے ہوں، تیسرے وگیارھویں استھان میں پاپی گرہ پڑے ہوں اور وہ متر کے گرد اوچ راشی میں پڑے ہوں تو کورم یوگ ہوتا ہے جو شخص کورم یوگ میں پیدا ہوتا ہے وہ ہر دلعزیز، شہرت یافتہ اور زمین پر حکومت کرنے والا (راج بھوگنے والا) ہوتا ہے ایسا شخص بڑے کرموں والا، پراکرم اور گنوں کے کارن پردھان، پنڈت اور سکھی ہوتا ہے وہ شخص اپنی باتی سے اُپکار کرنے والا اور راجہ سمان سکھ بھوگنے والا ہوتا ہے۔

۱۱۔ لکشمی یوگ:۔ اگر کسی شخص کی جنم کنڈلی میں ۹ ویں گھر کا مالک کیندر چوتھے و ساتویں گھر میں یا اپنی مُول تکون راشیوں کے علاوہ پرم اوچ میں پڑا ہو، لگن کا مالک بلوان ہو تب اس کا لکشمی یوگ ہوتا ہے وہ شخص متعدد اوصاف کا مالک، کئی علاقوں کا سوامی، دیدیا پراکرم، بڑے بیش والا اور کام دیو جیسا خوب صورت ہوتا ہے ایسا شخص سمپورن راجوں کے باعث پنڈت اور بہت استری پرشوں کے باعث راجہ ہوتا ہے۔

۱۲۔ بدیش یاترا یوگ:۔ جب آٹھویں گھر میں اور اس کے سوامی گرہ پر پاپی گرھوں کا اثر زیادہ ہوتا ہے تو بدیش جانے کا یوگ بنتا ہے۔ علاوہ ازیں لگن کے سوامی سمیت، زیادہ گرہ اگر چر راشیوں میں تیسرے، ۹ ویں، گیارھویں یا بارھویں گھر میں ہوں تو بدیش یا ترا منافع بخش رہتی ہے اس سلسلہ میں دشا، انتر دشا اور گوچر گرہوں کا بھی وچار کرلینا چاہیئے۔

۱۳۔ مالا یوگ:۔ اگر کنڈلی میں بدھ، برہسپت اور شکر چوتھے ساتویں اور دسویں گھر میں واقع ہوں اور باقی گرہ ان سے مختلف گھروں میں پڑے ہوں تو مالا یوگ ہوتا ہے۔ اس یوگ کے ہونے سے وہ شخص مالدار، ایک سے زیادہ عورتوں سے محبت کرنے والا اور اعلیٰ افسر ہوتا ہے۔ چنانچہ کمیشنر وغیرہ میں اکثر و بیشتر کامیاب رہتا ہے۔

نوٹ:۔ اور بھی زیادہ یوگوں کا پھل جاننے کے لئے ہماری کتاب "آئینہ قسمت" حصہ سوم کا مطالعہ کریں جس کی موجودہ قیمت -/25 روپے ہے

جنرل بکڈپو جالندھر
اڈہ ہوشیارپور

علم پرشن کے ذریعہ جواب حاصل کرنا

بھارت جیوتش میں یہ چار اہم چیزیں ہوتی ہیں۔
جنم کنڈلی۔ دچاروِرش پھل، پرشن پھل اور گوچر پھل

جنم کنڈلی کے بعد پرشن پھل وچار کو اہم مقام حاصل ہے کیونکہ اس میں ورتمان کال کے گوچر گرہوں کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے۔ جنم کنڈلی کیطرح پرشن کنڈلی کا لگن معلوم کرنے کیلئے بھی پرشن کرنیوالے کی طرف سے سوال پوچھنے کے وقت کو اس جنتری کے آخر میں دی گئی ماہوار روزانہ لگن سارنی سے لگن دیکھ لیں اور پھر اسی تاریخ کے گرہ سپشٹوں میں دیئے گئے گرہوں کو لگا لیں۔ پرشن کرنے والے کے سوال کا پتہ کرنے اور اس کے سوال کا جواب معلوم کرنے سے پیشتر کچھ اہم باتوں کو دھیان میں رکھنا لازمی ہے جیسا کہ :-

۱۔ اگر کوئی آدمی شرارت یا غرور کے لہجہ میں سوال کا جواب لینا چاہیئے۔ تو جیوتشی کو اس کے پرشن کا جواب ہرگز نہیں دینا چاہیئے۔ شدھ وچار اور شدھ ہردے سے کئے گئے سوال کا ہی وچار کرنا چاہیئے۔ اگر لگن میں چندر ماں کیندر (۱۰-۷-۴-۱) میں سنیچر بدھ است ہو یا چندرماں کو منگل بدھ پورن درشٹی سے دیکھ رہے ہوں تو سوال کرنے والا دشٹ بھاؤ اور دشٹ ہردے والا ہوگا۔ اس کے برعکس اگر لگن میں شبھ گرہ ہوں یا شبھ گرہ لگن کو دیکھ رہے ہوں یا ساتویں خانہ میں شبھ گرہ ہوں یا وہ شبھ گرہوں کو دیکھ رہا ہو، تو سوال کرنے والا شدھ سچا و (صاف دل) سے سوال پوچھنے آیا ہے۔

۲۔ جیوتشی جی کو خود دُرگا دیوی، سرسوتی دیوی یا اپنے اشٹ دیو کا اُپاسک فہمند اور تندرست ہونا چاہیئے۔

۳۔ ایک سے زائد سوالات کا جواب نہیں دینا چاہیئے۔ اگر ضروری ہو تو لگن سے پہلا سوال چندرماں سے دوسرا سورج سے تیسرا اور برہسپتی سے چوتھے سوال کا وچار کریں۔

بھاؤ سمبندھی وچار کا کشہ جنم لگن کی طرح ہی ہوتے ہیں جو فرق ہوگا پتہ لگتا جائے گا۔

۴۔ جیوتشی جی کو گرہوں کے سورپ اور انکے لکشن (آثار) گرہوں کی دشا اور طاقت کے بارے صحیح پتہ لگانیکا گیان ہونا چاہیئے اس کے علاوہ جیوتش کا جیوتش کے متعلق اپنا تجربہ بھی اس کے لئے مددگار ثابت ہوتا ہے۔

۵۔ پرشن لگن یا جنم لگن دونوں کے بارے میں دو والوں نے ایک دوسرا اہم اصول قائم کیا ہے جس کا مطلب ہے جو جو بھاؤ اپنے مالک سے یُکت یا دشٹ (نظر) ہو یا شبھ گرہ انمیں بیٹھے ہوں یا اسکو دیکھتے ہوں تو اس بھاؤ کی ترقی ہوگی۔ یا پاپ گرہوں سے دکھاؤ دے یا یکت ہو تو اس بھاؤ کا نقصان ہوگا۔

۶۔ پرشن کنڈلی میں لگن گنیش اور چندرماں وغیرہ کی خاص اہمیت ہے سوال کا جواب دینے سے پیشتر انکی طاقت کا جائزہ لینا از حد ضروری ہے۔

(۱) چوری ہوئی چیز ملے گی یا نہیں؟

(ا) اگر پرشن لگن میں پورن چندرماں ہو تو اس کو گورو یا شکر وغیرہ شبھ گرہ دیکھتے ہوں تو گمشدہ چیز جلد مل جائے گی (ب) یا بہت طاقتور شبھ گرہ گیارہویں خانہ میں ہوں تو بھی گمشدہ چیز جلد مل سکے گی (چندرماں شکل پکش کی دشمی اور کرشن پکش کی آٹھمی تک پورن کہلاتا ہے) (ج) اگر سوال کرتے وقت لگنیش ساتویں خانہ میں اور پیتیش لگن میں ہو یا چندرماں اور پیتیش دونوں امت ہوں تو چور مال سمیت پکڑا جاتا ہے (د) اگر ستھر راشی کا لگن ہو یا کسی بھی لگن میں ستھر نوانش ہو یا لگن میں ورگوتم نوانش ہو تو گمشدہ چیز اسی جگہ پر اور گھر کے آدمی (نوکر وغیرہ) نے لی ہے (ہ) اگر میکھ، کنبھ، لگن، یا دھن لگن ہو یا کیندر میں سورج ہو تو گمشدہ چیز مشرق کی طرف ہے۔ اگر برکھ کنیا مکر پرشن لگن ہو یا منگل کیندر میں ہو تو وہ چیز جنوب کی طرف ہوگی۔ اگر کرک، ہر شچک، مین یا بدھ کے کیندر میں ہو تو شمال کی طرف اور متھن تُلا کُنبھ لگن ہو یا شنی طاقتور ہو یا کیندر گت ہو تو وہ چیز مغرب کی سمت ہوگی اگر یہ سے زائد گرہ ہوں تو ان میں جو طاقتور ہوگا وہ چیز اسی سمت ہوگی (د) پرشن لگن میں چار راشیاں (سیکھ، کرک، تُلا، مکر) ہوں تو گمشدہ چیز کہیں دور چلی گئی سمجھیں اگر ستھر راشی میں ہو تو پھر اس چیز کو اسی گاؤں یا مکان وغیرہ میں ہی پڑی سمجھیں۔ اگر سپتیش یا ساتویں خانہ میں را ہو، کیتو شنی وغیرہ نیچ گرہ ہوں تو چوری کرنے والا کوئی نیچ جاتی کا، کالے رنگ کا، سُنسان جگہ میں رہنے والا، داڑھی مونچھوں والا اور کیش دھاری ہوتا ہے۔ سپتیش وکری ہونے پر یا آٹھویں گھر میں سورج منگل ہونے پر بھی جلد چوری شدہ چیز نہیں ملتی۔ اسکے علاوہ روہنی پورو یا اتراکھاڑا، وشاکھا، پوربا کھاڑا، بھرنی، اشونی ان نچھتروں میں گمشدہ چیز ملتی ہے۔ اشلیکھا، مرگشر، ہست، الوردھا، اترابھادوں، پوربا بھادوں نچھتروں میں کھوئی ہوئی چیز مشکل سے ملتی ہے۔ آردرا، جیشٹھا وغیرہ مدھیہ لوچن اور سلوچن نچھتروں میں کھوئی ہوئی چیز کبھی نہیں ملتی۔

۲۔ گمشدہ مویشیوں کے بارے میں

جب کوئی آدمی یہ سوال کرے کہ اس کا گمشدہ مویشی ملے گا یا نہیں؟ تو جنتری میں دیکھیں کہ گم ہونیکے دن سورج کس نکشتر پر تھا سورج نکشتر سے ۹ ویں نکشتر تک گمشدہ مویشی جنگل میں ہوتا ہے۔ دس سے پندرہ تک گمشدہ مویشی راستہ میں ہی آرہا ہے۔ ۱۶ سے ۲۲ تک گمشدہ مویشی گھر پر پہنچنا چاہتا ہے ۲۲ سے ۲۷ نکشتر تک گمشدہ مویشی کبھی واپس نہیں ملے گا ایسا سمجھنا چاہیئے۔

۳۔ شادی بیاہ کے متعلق پرشن

(ا) اگر پرشن کنڈلی میں بھاگیش ساتویں گھر میں اور پیتیش بھاگیہ ستھان میں ہو یا پیتیش بھاگیہ ستھان میں ہو یا بھاگیش شکر ساتویں دوسرے چوتھے یا لگن میں نردوش ہو کر بیٹھا ہو تو وہ واہ ہے (ب) پرشن لگن سے (۱۲-۱۰-۸-۶-۴-۲) تھان میں سنیچر ہو تو وَر کو عورت کا لابھ ہوگا اگر کرینولی استری ہو تو اسے وَر کا لابھ نہیں ہوگا۔ اسکے برعکس شکر ستھان میں ہو تو عورت کا وَر کا لابھ ہوگا۔ (ج) اگر پرشن لگنے ستویں، تیسرے یا پانچویں، چھٹے ساتویں یا گیارہویں خانہ میں چندرماں ہو تو اس کے اوپر سورج یا بدھ کی نظر ہو تو وہ واہ لازمی ہوگا (د) یا پانچویں ۹ ویں کیندر ستھان میں شبھ گرہ ہوں تو بھی وہ واہ ہوگا۔ ایسا ہی کہنا چاہیئے (ہ) اگر پرشن کنڈلی میں شکر، چندرماں پانی گرہوں سے مُکت ہو کر ساتویں خانہ میں سنیچر کو دیکھا دیتے ہوں۔ سپتیش پنچ بیٹھا ہو یا چندرماں پاپ مکت (۱۲-۹-۸-۵-۴-۱) میں بیٹھا ہو تو وہ واہ نہیں ہوتا یا کئی طرح کی رکاوٹوں کے بعد ہی ہو سکتا ہے۔

۴۔ گربھ سے لڑکا پیدا ہوگا یا لڑکی :-

(ا) پرشن کرتے وقت اگر شنی لگن کو چھوڑ کر کسی لگن (۱۱-۹-۷-۵-۳) میں ہو کر بیٹھا ہو تو عاطر عورت کے بطن سے لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر (۱-۱۰-۸-۶-۴-۲) گھر میں ہو تو لڑکی پیدا ہوگی۔ (ب) اگر پرشن کنڈلی میں (۷-۵-۳-۱) کے سستھانوں پر پرشن گرہ ہو کر بیٹھے ہوں تو پُتر پیدا ہوگا اگر استری گرہ بلوان ہو تو لڑکی۔ ان سستھانوں پر سنیچر کا ہونا بیٹے کی پیدائش والا ہوتا ہے (ج) لگنیش اور پنچمیش پرش راشیوں پر پُتر دینے والے اور عورت راشیوں پر لڑکی دینے والے ہوتے ہیں اگر لگنیش پرش گرہ آدمی کی راشی میں بیٹھ کر پانچویں گھر کو دیکھتا ہو یا پانچویں گھر میں بیٹھے راہو کو منگل پورن درشٹی سے دیکھتا ہو تو لڑکا ہی ہوتا ہے۔

۵۔ ملازمت کے بارے میں سوال :-

اگر بھاگیش دسویں خانہ اور دشمیش دسویں ستھان میں یا ایک دوسرے کو دوستانہ نظروں سے دیکھتے ہوں تو پھر بہت اچھی ملازمت ملتی ہے۔

دُنیا کی چند مہان شکتیوں کی جنم کُنڈلیاں

شری گنیش جی	شری رام چندر جی	شری کرشن جی
		

شری ہنومان جی	گورونانک دیوجی	مہاتما بدھ
		

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ وسلم	مہاتما یسوع مسیح	لنکا پتی راون
		

مہاتما گاندھی	لوکمانیہ تلک	پنڈت مدن موہن مالویہ
		

پنڈت جواہر لال نہرو	ڈاکٹر راجندر پرشاد	نیتاجی سبھاش چندر بوس
		

شیام پرشاد مکرجی	لال بہادر شاستری	ولبھ بھائی پٹیل
		

جب ہماری گھڑیاں ۱۲ بجاتی ہیں

نام ملک	نام شہر	وقت	نام ملک	نام شہر	وقت
برطانیہ	لندن	صبح ۶-۳۰	پاکستان	کراچی	دوپہر ۱۱-۳۰
ٹھائی لینڈ	بنکاک	رات ۹-۳۰	روس	ماسکو	صبح ۹-۳۰
سعودی عرب	مکۃ المکرمہ	صبح ۹-۳۰	چین	پیکنگ	دوپہر ۲-۳۰
ملیشیا	کوالالمپور	" ۲-۳۰	عراق	بغداد	صبح ۹-۳۰
فرانس	پیرس	" ۷-۳۰	امریکہ	نیویارک	دوپہر ۲-۳۰
کوریا	پیرون	" ۱۰ بجے	جاپان	ٹوکیو	" ۲-۳۰
ایران	طہران	" ۱۰ "	پولینڈ جرمنی	برلن	صبح ۷-۳۰
افغانستان	کابل	" ۱۱ "		قاہرہ	" ۸-۳۰
ہنگری	بڈاپسٹ	" ۷-۳۰	مصر	جنیوا	" ۷-۳۰
برما	رنگون	دوپہر ۱ بجے	سوئیٹزرلینڈ	کینیڈا	رات ۱۱-۳۰
سنگاپور	سنگاپور	" ۱ "	کینیڈا	اوٹل	صبح ۷-۳۰

مصنف پنڈت بنا لال چوبے ایم اے

علم مسمریزم

قوتِ روحانی :- مسمریزم کے شائقین کو سب سے اول آنکھوں اور ہاتھوں میں اس مقناطیسی طاقت کو پیدا کرنا چاہیئے۔ جس کی تاثیر سے جسم میں تقویت چہرہ پر روشنی اور آئندہ و گذشتہ جنموں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا بہت آسان ہو جاتا ہے۔ اس طاقت کے حاصل کرنے میں عامل جتنی محنت اور لگن کرتا ہے اتنی ہی روحانی طاقت اس میں بڑھتی جاتی ہے یہاں تک کہ وہ روشن ضمیر ہو جاتا ہے اس کے اندر کافی روشنی پیدا ہو جاتی ہے وہ قدرت کے تمام نظاروں کو روشن ضمیری سے ایک جگہ بیٹھے ہوئے دیکھ سکتا ہے اس مشق کے بڑھنے سے وہ اس مقام تک پہنچ جاتا ہے جس سے وہ پرماتما کے اصل نور سے واصل ہو جاتا ہے اور خواہش پدری کو پالیتا ہے۔

روشن ضمیری کی مشق :- جب شکل پکشں کی پڑوا سے چاند نا پکش ہو کر اس وقت اس عمل کو شروع کرنا چاہیئے۔ اس عمل کو شروع کرنے کے وقت ایک آسن پر گوشۂ تنہائی میں دوزانو بیٹھ کر کسی شئے کا تصور کرو جو سب سے زیادہ مرغوب ہو۔ اگر انسان ہے تو اسکی طرف متوجہ ہو۔ خیال کرو کہ یہ تمہارا معمول اور تم اس کے عامل ہو۔ پس اپنے مقابل معمول کو جنوب کی طرف رُخ کر کے بٹھا دو یعنی پشت اس کی شمال اور منہ جنوب کی طرف ہو، اور عامل اس کے بالمقابل آنکھیں بند کر کے اس کے تصور کو اپنے سامنے رکھے اور کوشش و استقلال سے اس خیال و تصور میں کسی غیر خیال کو اپنے درمیان سے روکنے کی کوشش رکھے۔ اگر پہلے دن وہ تصور ایک منٹ کا رہا ہو تو دوسرے دن دو منٹ کا ہونا چاہیئے اگر گھنٹہ یا ڈیڑھ گھنٹہ اسی طرح سے مشق کرو گے تو پھر ایک دن اب آئیگا کہ وہ چند منٹ بلا کسی خلل اندازی کے اپنے معمول کے تصور کو اپنی آغوش میں قوت مقناطیسی کے تحت رکھ سکے گا۔ یہ قوت قدرتاً حیوانات نباتات اور جمادات میں بھی موجود ہے جس کی خاصیت سے دُنیا کا کاروبار چل رہا ہے۔ یہ مقناطیسی قوت ہاتھ کی انگلیوں اور ہاتھ کے علاوہ سانس اور آنکھ کے ذریعے خارج ہوتی ہے جس کی وجہ سے یہ اپنے خیالات کو ایک نقطہ پر قائم نہیں رکھ سکتی۔

قوتِ روحانی :- قوت روحانی میں انتشار خیالات کا سب سے بڑا بادشاہ دل قرار دیا گیا ہے جس کے دو وزیر یعنی آنکھیں وزیر خارجہ ہیں اسمیں دل کو دو قسموں کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ ایک خواہش اپنی اور دوسری اس کو سُنکر پیدا ہوتی ہے کان کسی ایک دبدبہ آواز کو سُنکر اسکو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں اور بعد ازاں آنکھوں کے ذریعے اس کو دیکھنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے اس لئے کانوں سے ایسی باتیں جو اس طاقت کے حاصل کرنے میں مانع ہوتی ہوں ہرگز سُننے کی خواہش نہ کرو اور ناک کے ذریعہ کوئی ایسی چیز مت سونگھو جو تمہارے دل و دماغ کو پراگندہ کرتی ہے آنکھوں سے ایسی چیز دیکھنے کا خیال مت کرو جو تمہارے دماغ کو منتشر کرے۔ جسم سے ایسی طاقت ضائع نہ کرو جو تمہاری سب طاقتیں برقرار رکھنے کی رہنما ہے۔ اس ترکیب و مشق کے ذریعہ جو لوگ انتشار خیالات کو روک کر اپنے دل کی توجہ ایک مرکز پر قائم کر لیتے ہیں وہ خود بخود روشن ضمیر ہو کر اپنی قوت روحانی کے ذریعہ دوسروں کو خود بخود اپنا مطیع کر لیتے ہیں۔ جب یہاں تک مشق بڑھ جائے تو اس کے بعد سورج طلوع ہونے سے قبل ایک خالی اور تنہا مکان میں جہاں کوئی دوسرا موجود نہ ہو، چوکڑی مار کر بیٹھ جاؤ اور دونوں ہاتھ دونوں زانوؤں پر رکھ کر آنکھیں بند کر لو اور دل کو ادھر ادھر جانے سے روک دو اس میں چند روز تکلیف ضرور محسوس ہوگی کیونکہ دل اِدھر اُدھر بھٹکے گا لیکن بالآخر یہ قابو ہو جائے گا۔

دوسری مشق :- جب یہاں تک مشق بڑھ جائے تو اس کے بعد گلاس میں پانی لے لو اگر مرض سردی سے ہو تو بذریعہ تصور اس پانی میں سورج کو دیکھو اگر گرمی سے ہو تو چاند پر نظر جماؤ اس وقت عامل جس سیارے کا خیال کرے گا وہی نظر آئیگا نظر جمانے وقت خواہش کرنی چاہیئے کہ مرض دور ہو جائے پھر وہ پانی مریض کو پلا دو۔ پانی حلق سے اترتے ہی مریض کو شفا ہوگی۔ مفصل علم مسمریزم ہم سے منگوا لیں۔

جیوتش اور دھرم شاستر کے خیالات

(i) لڑکے کی شادی کے بعد اپنی لڑکی یا اپنے کل کی کنیا کا وواہ (شادی) چھ ماہ تک نہ کرے (ii) لڑکی کی شادی کے پیچھے لڑکے کی شادی ہو جائے تو دوش نہیں رہتا۔ اسی طرح شادی کے بعد منڈن ویگیو پویت چھ ماہ تک کرنا منع ہے (iii) جس خاندان میں شادی ہو چکی ہو۔ اس میں دو سگے بھائیوں کی شادی۔ دو سگی بہنوں کا وواہ (شادی) جائز ہے (iv) جس در لڑکے کو اپنی کنیا بیاہ دیوے اس کی بہن کے ساتھ۔ جو شخص دو خرگوشوں کے پیچھے دوڑے وہ ایک بھی نہیں پکڑ سکتا۔ کم بولنے والوں کی تجاویز زیادہ طاقتور ہوتی ہے بیکاری مصیبت کی اور محنت آرام کی والدہ ہے۔ رات کو مقروض ہو کر سونے کی بنسبت بھوکا سونا اچھا ہے کامیابی کے یقین سے کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

(۲) دو سگے بھائیوں کا وواہ چھ ماہ کے اندر کرنا جائز نہیں ہے (ii) دو سگے بھائیوں و بھائی بہنوں کا ایک سنسکار کرم چھ ماہ کے اندر اندر نہ کرنا چاہیئے اگر دوسری سے متعلق اس قسم کا خیال کرنا پڑا تو کوئی دوش نہیں (iii) ماگھ میں شادی ہو جائے تو بیساکھ میں یگیو پویت (جنجوہ) دھارن کرنے سے دوش نہیں ہوتا۔

اگر لڑکے یا لڑکی دونوں کا جنم جیٹھ مہینے کا ہو اور مہینہ بھی جیٹھ کا ہو تو اس کو تین جیٹھ کہتے ہیں۔ اس شادی وغیرہ شبھ کام کرنا منع ہے۔ یگھر میں بھی پہلے گربھ کا وواہ کرنا ناقص ہوتا ہے۔ ہر قسم کی دھارمک و بابت نجوم کتب اور اصلی مفید عالم جنتری تھوک و پرچون حاصل کرنے کیلئے ہمارے سول ایجنٹ جنرل بک ڈپو اڈہ ہوشیار پور جالندھر کو ملیئے۔

اگر بایاں پاؤں ٹھوکر کھائے تو کام ادھورا رہے گا (۲) اگر بارات کو جاتے وقت راستہ میں مردہ ہے تو دلہن کیلئے شگون بد ہوگا اگر واپسی میں ملے دلہا کیلئے منحوس ہوگا (۳) اگر کسی مکان کی چھت پر کتا روئے تو گھر پر ضروری کوئی مصیبت نازل ہوتی ہے (۴) اگر بالوں میں کنگھی کرتے وقت اگر بال بکثرت ٹوٹتے نظر آئے تو اس پر کوئی آفت اور تکلیف پہنچتی ہے۔

جب کسی کام کے ارادہ میں گھر سے نکلیں تو چلتے وقت کوئی آدمی یا جوان جانور تمہارے راستے کاٹ دیوے تو اچھی بات کی علامت ہے۔ اگر الٹے ہاتھ سے آکر راستہ کاٹ دے تو بری علامت اگر چلتے وقت دہلیز پر یا راستہ کے شروع میں ٹھوکر لگ جاتے تو برا شگون ہوتا ہے۔ اگر چلتے وقت کسی چیز سے نیچے سے کپڑا پھنس جائے تو موت جاؤ جانی اور مال نقصان ہوگا

خیالات کی روشنی میں سورج کے پرکاش کی طرح دنیا میں پھیل جاتی ہے۔ دنیا میں زندگی کو بنانے کیلئے اپنے عیب کو دیکھنا بہت بڑا ہنر ہے بری عادتوں کو ترک کرنے کی نسبت یہ بات زیادہ آسان ہے کہ ان کو پیدا ہی نہ ہونے دیا جائے۔ افلاس میں خودداری قائم نہیں رہ سکتی عبادت کرنے میں خیال اس طرح قائم کرو گویا کل ہی مر جانا ہے

اقوال زریں:۔ خدا کا نام لینے سے ہی انسان کی روح کو شانتی نہیں حاصل ہو سکتی بلکہ اس کے بندوں سے محبت کرنے سے ہی دل سکون میسر ہو سکتا ہے۔ دنیا میں رہنا مشکل نہیں بلکہ دنیا کی مشکلات سے ٹکرانا ہی مشکل ہے ہر ایک سے پیار اور محبت سے پیش آؤ مگر اتنا نرم بھی نہ ہو کہ دوسرا تم کو ناجائز دباؤ رکھے ترقی اور کامیابی کیلئے اس کو خود غرض چھوڑ دینی چاہیئے۔

اگست مہینہ کا پہلا ہفتہ ہر کام کیلئے مبارک ہوتا ہے ۲۔ عورت خواہ بیاہی ہو یا کنواری اس کی عمر کے ایکسویں (۳۱) سال میں کوئی اہم واقعات (خواہ برے ہوں یا اچھے ضروری واقع ہوتے ہیں (۳) مرد کے عمر کے بیالیسویں (۴۲) برس میں کوئی اہم اور نتیجہ خیز واقعہ۔

لڑکے یا لڑکی کے بیاہ کی رسومات شروع ہو جائیں اور درمیان میں کوئی موت واقع ہو جائے یا کوئی اور حادثہ ہو جائے تو ۳۰ دن کے بعد شانتی کر کے شادی کرنا شبھ ہو جاتا ہے لیکن اگر پتا سے تعلق ہے تو ایک برس بعد پتا کے ۶ ماہ ماتا کیلئے ۳ ماہ میں استری (عورت) کیلئے اور ایک ماہ بعد دیگر رشتہ داروں کیلئے شادی کرنا شبھ قرار دیا ہے۔

میلان راشی:۔ اگر لڑکے کی راس سے لڑکی کی راشی ۵ ویں اور لڑکی کی راشی سے نویں ہو تو مبارک ہے اگر اس کے برعکس لڑکے کی راس لڑکی کی راس نویں ہو تو لڑکے کے باپ کو خطرناک ہے

شمس یعنی سورج:۔ شادی کے مقرر کرنیکے وقت لڑکے کی جنم راشی سے سورج تیسرے چھٹے دسویں و گیارھویں ہو تو نیک اور مبارک ہوتا ہے پہلے دوسرے پانچویں ساتویں اور نویں مدھم کہا گیا ہے:۔

کنڈلی میں منگلیک یوگ وچار

لڑکے یا لڑکی کی جنم کنڈلی میں اگر پہلے چوتھے ساتویں آٹھویں یا بارہویں گھر میں منگل پڑ جائے تو ایک دوسرے کی زندگی کیلئے ناقص ہوتے ہیں۔ اگر ایک در کی کنڈلی منگلیک ہو اور دوسری (کنیا) منگلیک نہ ہو تو شادی نہیں کرنی چاہیئے اگر دونوں کی کنڈلیاں منگلیک ہو تو شادی کرنے میں کوئی دوش نہیں ہے۔ اگرچہ یونی گن، ناڑی گن وغیرہ کا میلان بھی کر لینا چاہیئے۔ چند دوسری حالتوں میں منگلیک دوش ختم ہو جاتا ہے اگر:۔

۱۔ دوسری مخالف کنڈلی میں ۴۔۷۔۸۔ اور ۱۲ ویں گھر میں کہیں سنیچر پڑا ہو۔

۲۔ بلوان برہسپت شکر لگن یا ساتویں بھاؤ میں ہو تو منگل دوش نہیں رہتا

۳۔ اگر ایک کنڈلی میں جس جگہ منگل پڑا ہو۔ دوسری کنڈلی میں اسی خانہ پر کوئی طاقتور پاپی گرہ ہو تو منگل دوش نہیں رہتا۔

۴۔ راشی کا میلان ہوتا ہو گن بھی ایک ہوں یا تیس یا تیس سے زیادہ گنوں کا میلان ہوتا ہو تو منگلیک دوش نہیں رہتا۔

۵۔ کیندر یہ ستھان میں چندر منگل کی یوتی بھی منگل دوش نہیں رہتا۔

۶۔ اگر لڑکی کی کنڈلی منگلیک ہو اور لڑکے کی کنڈلی میں چھٹے گھر میں منگل ساتویں خانہ میں راہو اور آٹھویں خانہ میں سنیچر ہو تو منگلیک دوش دور ہو جاتا ہے۔

۷۔ (ا) منگل کا دوش دور ہوتا ہے اگر دوسرے کھانہ میں چندر شکر کا یوگ ہو (ب) منگل برہسپت کی یوتی یا اس پر برہسپت کی پوری نظر ہو (ج) کیندر بھاؤوں (۱۔۴۔۷۔۱۰) میں راہو ہو۔

۸۔ میکھ راشی کا منگل لگن میں یا برسچک راشی کا منگل چوتھے بھاؤ میں یا مکر راشی کا ساتویں یا کرک راشی کا آٹھویں یا دھن راشی کا منگل بارہویں خانہ میں ہو تو منگلیک کا دوش نہیں رہتا۔

چندرماں اور برہسپت

شادی کے وقت دونوں کنڈلیوں میں چندرماں چوتھے، آٹھویں اور بارہویں نہ ہو چاہیئے۔

اس کے علاوہ اور گھروں میں شبھ ہوتا ہے۔

شادی کے وقت لڑکی کا برہسپت دیکھنا ضروری ہوتا ہے۔

لڑکی کی راشی سے دوسرے پانچویں، ساتویں، ۹ ویں اور گیارہویں برہسپت شبھ ہوتا ہے۔ چھٹے آٹھویں اور بارہویں اشبھ پھل دیتا ہے

میلان راشی:۔ لڑکی اور لڑکے کی راس ایک دوسرے سے چوتھے، چھٹے، آٹھویں یا دوسرے اور بارہویں نہ ہونی چاہیئے۔ لڑکے کی راس لڑکی کی راس سے نانویں اور لڑکی کی راس لڑکے سے پانچویں ہو مبارک ہے۔

نئی مشینری چالو کرنے کیلئے مہورت

استھر لگن ہو، اتوار، ویروار، شکروار یا سنیچروار ہو۔ اسدن استونی، ہست، چترا، انورادھا میکھ دھنشٹھا، جیشٹھا، پنربس، یا ریوتی ان میں سے کوئی نچھتر ہو

یکم، سمپتی اشٹمی اور اماوس ان تاریخوں کو چھوڑ کر دوسری تاریخوں میں نئی مشینری چالو کرنا شبھ ہے۔

گرہوں کی دشاؤں کا بیان

گرہوں کی دشا کے ذریعہ ہر گرہ کی پھل پراپتی کا وقت معلوم کیا جاتا ہے۔ سبھی گرہ اپنی دشا اور سوکھشم دشا کال میں پھل دیتے ہیں جو گرہ اُچ راشی، مترراشی یا اپنی راشی میں رہتا ہے وہ اپنی دشا میں اچھا پھل دیتا ہے لیکن نیچ راشی، شترو راشی اور غروب است حالت میں ہوں وہ اپنی دشا میں دھن ہانی، روگ، ترقی میں روکاوٹ وغیرہ پھل دیتے ہیں۔!

سُورج دشا پھل :-

سورج جنم میں میکھ راشی کا اوچ میں ہو اور دس انش میں پڑا ہو تو اسکی دشا میں استری پتر کا سُکھ، بیوپار کاروباری فائیدہ و ترقی، راج دربار میں عزت، فائیدہ مند غیر ملکی سفر درپیش ہو۔ دھرم کارجوں میں رغبت بڑھے۔ دس انش سے اوپر جنم میں بیٹھا ہوا ہو تو پاپ کمت، و پاپ درشٹ ہو تو دشمن، چوری اور آگ سے خطرہ، بیوی و اولاد سے رنج۔ جھگڑا، جُدائی، قرضدار ہو۔ پیٹ یا آنکھوں کی بیماری میں مبتلا ہو۔ سورج جنم میں برکھ راشی کا ہونے سے اسکی دشا کے اندر استری و سنتان سے دُکھ رنج اور عزیزوں و دوستوں سے تکلیف پائے۔ سورج منتھن راشی کا ہو تو اس کی دشا میں دھن دولت میں اضافہ، مشکل کام حل ہوں، کاروبار میں فائیدہ، عزت بڑھے، دھرم کرم کے کام کرے علم و دانش میں اضافہ ہو۔ کرک سورج دشا میں ہونے سے راج دربار میں عزت، رشتہ داروں استری اور والدین سے سُکھ۔ وایو پرکرتی سے تکلیف۔ سنگھ کے سورج دشا میں راجہ جیسا سُکھ بھوگے گے۔ ہر طرح سے دھن ملے۔ استری سنتان سے سُکھ پائے۔ کنیا کے سورج کی دشا میں دھن دولت کا سُکھ و عزت مان پائے۔ لوگوں میں قدر، نیک نام ہو۔ دھرم کارجوں میں لگاؤ رکھے۔ تُلا کے دس انش تک سورج کی دشا ہو تو استری و سنتان سے متفکر اور رنجیدہ ہو۔ زمین و عمدہ کے کاموں سے نقصان۔ اگنی سے خطرہ ہو غیر ملکی سفر درپیش ہو۔ برشچک کے سورج کی دشا میں بڑا پرتاپی رعب دار ہو زیر و اگنی سے خطرہ پائے۔ ماتا پتا کو سُکھ دے پیچیدہ اور مشکل کام عقلمندی سے انجام دے۔ دھن کے سورج کی دشا میں راج کُل میں خاندان اور سادھو جن اچھے لوگوں سے مان پائے۔ استری پتر دھن کا سُکھ دھرم کارجوں میں ترقی کرے مکر کے سورج کی دشا میں استری پتر دھن وغیرہ سے فکر مندی۔ دوسروں کی اطاعت میں گذر اوقات ہو۔ کُنبھ کے سورج کی دشا میں نقصان و تنگدستی دلی صدمہ، دوسروں کی ماتحتی میں گذر اوقات ہو۔ مین کے سورج کی دشا میں استری سے لاکھ۔ راج دربار سے سُکھ، پتر کا رنج دیکھے۔ اگنی و زیر سے خطرہ۔ اچانک حادثہ پیش ہو۔

چندر دشا پھل :-

پورن اُچ کا اور شبھ گرہ یُکت چندرماں ہو تو اسکی دشا میں ہر طرح سے عزت مان دَویا، دھن وغیرہ حاصل کرنے والا ہوتا ہے۔ نیچ یا شترو میں رہنے سے چندرماں کی دشا میں لڑائی جھگڑا، سردرد، مالی نقصان وغیرہ پھل ہوتا ہے چندرماں میکھ راشی میں ہو تو اس کی دشا میں استری سُکھ، بدیش یاترا، جھگڑا، سردرد، برکھ میں ہو تو دھن اور واہن کا لاکھ، استری سے پریم ماتا کی مرتیو۔ پتا کو دُکھ۔ منتھن میں ہو تو غیر ملکی سفر، دھن جائیداد کا فائیدہ کرک میں ہو تو پوشیدہ مرض، دھن دولت کی بردھی، کلا پریم۔ سنگھ میں ہو تو عقلمند، مان عزت والا، دھن لاکھ ہو۔ کنیا میں ہو تو بدیش یاترا، استری پراپتی ادب سے پریم، دھن لاکھ۔ تُلا میں ہو تو مخالفت، فکر، ایمان ہو لیکن تجارت میں مالی منفعت، ناک حصہ میں بیماری۔ برشچک میں ہو تو فکر، بیماری، معمولی مالی فائیدہ اور دھرم ہانی۔ دھن میں ہو تو سواری کا فائیدہ لیکن مالی نقصان مکر میں ہو تو سُکھ، پُتر استری دھن کی حصولیابی، دماغی خلل و ایوڈگ سے نقصان تکلیف۔ کنبھ میں ہو تو عیش پرست، قرضخواہ، نابھی کے اُوپر اور نیچے درد، دانت و آنکھوں کی بیماری سے تکلیف۔ مین میں ہو تو چندرماں کی دشا میں دھن لاکھ، پُتر لاکھ، دشمنوں کی تباہی وغیرہ پھل حاصل ہوتے ہیں۔

منگل دشا پھل :-

منگل اُچ اپنے ستھان یا مُول تکون میں ہو تو اس کی دشا میں عزت شہرت، عورت و اولاد کا سُکھ جراءت و ہمت، مالی فائیدے وغیرہ پھل حاصل ہوتے ہیں۔ منگل میکھ راشی میں ہو تو اُس کی دشا میں دھن لاکھ شہرت اور اگنی سے دُکھ ہو۔ برکھ راشی میں ہو تو بیماری، دوسروں سے مالی سفاد، دوسروں کا بھلا کرنے والا ہو۔ منتھن میں ہو تو غیر ملک میں قیام۔ چالاک، فضول خرچ، پتّ و ایو سے کشٹ اور کان کی بیماری سے دُکھ ہو۔ کرک میں ہو تو دھن وان، کلیش۔ بیوی اور اولاد سے دُور قیام۔ سنگھ میں ہو تو حکمراں سے فائدہ، ہتھیار اور آگ سے دُکھ، مالی اخراجات، کنیا میں ہو تو پُتر زمین دھن، اناج سے مالا مال۔ تُلا میں ہو تو استری دھن سے محروم، جھنجھٹ کلیش زیادہ، برشچک میں ہو تو انّ دھن سے مالا مال۔ آگ اور ہتھیار سے دُکھ پہنچے۔ دھن میں ہو تو راج دربار میں عزت، کاموں میں فتح، دولت کا حصول۔ مکر میں ہو تو اختیارات ملیں گے سونے روپے سے فائیدہ، کام سدھ ہوں۔ کنبھ میں ہو تو بدچلن مفلس، مریض، فضول خرچ اور تشویش مند۔ مین میں ہو تو قرضے سے دبا ہوا، فکر مند، چھوت کی بیماری، کھجلی اور درد وغیرہ پھل حاصل ہوں۔

بُدھ دشا پھل :-

اُوچ اپنی راشی میں ہونے اور بلوان بُدھ کی دشا میں تعلیم، سائنس، آرٹ اور زراعت میں ترقی، دھن لاکھ۔ خاوند بیوی کو سُکھ، کھانسی، گیس اور پت سے تکلیف میکھ راشی میں ہو تو بدھ کی دشا میں دھن نقصان اور فریبی رجحان۔ برکھ راشی میں ہو تو دھن اور شہرت یافتہ، اولاد و بیوی کی فکر، زہر سے نقصان منتھن میں ہو تو تھوڑا فائیدہ، معمولی تکلیف، ماتا کو سُکھ، کرک میں ہو تو دھن کا حصول، شعر و شاعری کی طرف رغبت، غیر ملک کا سفر۔ سنگھ میں ہو تو گیان، ایش کی پراپتی، دھن کا ناش، کنیا میں ہو تو گرنتھوں کی رچنا اندرونی اہلیت و قابلیت میں اضافہ، دھن اور عیش و عشرت کا حصول برشچک میں ہو تو کام بگڑا، بدچلنی، فضول خرچی وغیرہ پھل دے۔ دھن میں ہو تو نیتا گری کرے، وزیر بننے کا یوگ اور حکومت حاصل ہو۔ مکر میں ہو تو نیچ آدمیوں سے دوستی، مالی نقصان، تھوڑا فائیدہ ہو۔ کنبھ میں ہو تو رشتہ داروں کو تکلیف، افلاس، بیماری اور کمزوری وغیرہ رہے مین راشی میں ہو تو بُدھ کی دشا میں کھانسی، زہر اور آگ اور ہتھیار سے تکلیف، تھوڑا نقصان، کئی طرح کے جھنجھٹ وغیرہ پھل حاصل ہوں۔

گرہوں کی شانتی کیلئے سات واروں کے برت کا طریقہ

اگر کسی بچے کی جنم کنڈلی میں اشبھ گرہ کی حالت میں ہو یا خراب گرہ کی دشا انتر دشا چل رہی ہو تو حسب ذیل طریقے سے خراب (اشبھ) گرہ کی شانتی کے لئے برت رکھنے سے کلیان ہوگا۔ مفصل جانکاری کے لئے ہمارے دفتر سے سودھی سپتاہ منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ قیمت ۵/- روپے

اتوار کے برت کا طریقہ

سبھی خواہشات و تمناؤں کی تکمیل، آنکھوں کی بیماری، کوڑھ یا چمڑے کے روگوں کے ناش کے لئے نیز درازی عمر، خوش قسمتی میں اضافہ کے لئے اتوار کا برت رکھا جاتا ہے۔ یہ برت شکل پکش کے پہلے اتوار کو شروع کر کے ایک سال تک یا کم از کم ۱۲ برت ضرور رکھیں۔ برت کے دن صرف گیہوں کی روٹی یا گڑ سے بنا دلیہ گھی شکر کے ساتھ کھائیں۔ بھوجن سے پہلے اشنان کر کے صاف ستھرے کپڑے پہنیں۔ اور "اوم ہاں ہی ہوں سہ سورجائے نمہ" بیج منتر کا پاٹھ پانچ مالا کریں اور روی وار کتھا پڑھیں۔ اس کے بعد سورج کو گندھا کشت، لال پھول دوروا یکت جل سے حسب ذیل منتر پڑھتے ہوئے ارد ھ دیں۔

"نمہ سہسر کرن سرو دیا دھی وناش، گرہان اردھیہ میا دتم سنگیا سہتو اوے"

پھر پردکشا کر کے سرخ چندن کا تلک لگائیں آخری اتوار کو ہون کے بعد برہمن جوڑے کو بھوجن کرا کے اپنی سمرتھ شکتی کے مطابق سرخ کپڑے پھل پھول وغیرہ اور دکشنا سے خوش کریں۔

سوموار کے برت کا طریقہ

یہ برت ساون، چیت، بیساکھ کارتک یا مگھر کے مہینوں کے شکل پکش کے پہلے سوموار سے شروع کریں اس برت کو پانچ برس ۱۴ برس یا ۱۶ سوموار پورن شردھا کے ساتھ ودھی پوروک دھارن کریں۔ چیت، شکل اشٹمی تتھی آردرا نکشتر سوموار کو یا ساون ماہ کے پہلے سوموار کو برت شروع کرنے کا خاص مہتو ہے۔ برت شروع کرنے والے استری پرش کو چاہیئے کہ صبح سویرے جل میں کچھ کالے تل ڈال کر اشنان کرے اس کے بعد "اوم نمہ شوائے" وغیرہ شو منتروں کے ذریعہ اور سفید پھولوں، سفید چندن، نیچا مرت اکشت، سپارن پھل، گنگا جل بلو پکش وغیرہ سے شو پاروتی کا پوجن کرے اور پوجا کے بعد برہمن کو دان دکشنا کر کے خود بھوجن کرے۔ بھوجن ایک وقت بغیر نمک کے ہونا چاہیئے۔ برت کا ادھیاپن بھی متذکرہ مہینوں میں کرنا اچھا پھل دینے والا ہوگا۔ ادھیاپن میں وش ماتش جپ کا ہون کر کے سفید پدارتھ، دودھ، دہی، کھیر، چاندی، سفید پھلوں کا دان کرنا چاہیئے۔ یہ برت کرنے سے ذہنی آسودگی (مانسک شانتی) دھن پتر وغیرہ سے سکھوں کی پراپتی ہوتی ہے اور سب طرح کے دکھ دور ہوتے ہیں۔

منگلوار کے برت کا طریقہ

ہر طرح کے سکھوں، خون کے روگ، دشمن کے ناش، صحت کی سنبھال اور بیٹے کی ولادت کے لئے منگلوار کا برت اتم ہے۔ یہ برت شکل پکش کے پہلے منگلوار سے شروع کر کے ۲۱ ہفتے تک یا حسب توفیق زندگی بھر رکھیں اس برت میں گیہوں اور گڑ کے ساتھ بھوجن کریں۔ بھوجن نمک کے بغیر ایک ہی وقت کریں۔ اس برت سے منگل گرہ کے ارشٹ دوش بھی شانت ہو جاتے ہیں۔ برت میں شری ہنومان جی کی لال پھولوں، پھلوں، تانبے کے برتن اور ناریل سے پوجا دان کرنا چاہیئے۔ اور شری ہنومان چالیسہ کا پاٹھ کرنا چاہیئے۔ بھوم گرہ کی شانتی کے لئے "اوم کراں کریں، کروں سہ بھومائے نمہ" کی پانچ مالائیں کرنی چاہئیں اور گڑ، پیلے لڈوؤں اور سرخ کپڑے کا دان کرنا چاہیئے۔

بدھوار کے برت کا طریقہ

بدھوار کا برت بدھ گرہ شانتی اور دھن بدھی ودیا اور بیوپار میں توسیع و ترقی کے لئے رکھا جاتا ہے۔ یہ برت وشاکھا نکشتر کے وقت کے بدھوار کو شروع کر کے ہر بدھوار یا سات بدھوار تک کریں۔ برت کے دن غسل کر کے ہرے کپڑے پہن کر شری وشنو سہسر نام کا پاٹھ اور گرہ شانتی کے لئے بیج منتر "اوم براں بریں، بروں بدھائے نمہ" کا پاٹھ کریں۔ اس دن ایک وقت نمک کے بغیر بھوجن گھی، مونگ یا مونگ کی دال سے بنے میٹھے کھانے کا دان کریں اور خود بھی یہی استعمال کریں۔ آخری بدھوار مدھو سرپی، ودھی اور گھی کے ساتھ ہون کریں اور ہرے کپڑے، پھل اور مونگ کا دان کریں۔ گائے کو ہرا گھاس ڈالیں۔

برہسپتی وار کے برت کا طریقہ

یہ برت برہسپت گرہ کی شانتی اور شادی کے سکھوں، تعلیم، پتر سنتان اور دولت کے حصول کے لئے بہترین ہے۔ یہ برت شکل پکش کے پہلے ویروار کو شروع کریں۔ ویروار کے دن انورادھا نکشتر ہو تو اور بھی اچھا ہے یہ برت پیلا یگیوپویت دھارن کر کے برہسپتی کی پوجا خود یا کسی شریشٹھ برہمن کی طرف سے کرائی جانی چاہیئے۔ پوجا میں کھڑاؤں چھاتہ اور کمنڈل رکھیں اور پیلے رنگ کے پھول، چنے کی دال، پیلے کپڑے، پیلا چندن ہلدی اور پیلے چاول لڈو وغیرہ کا بھوگ لگانا چاہیئے۔ ان کا دان کر کے ہی خود ایک وقت کا بھوگ لگائیں۔ نمک کا استعمال نہ کریں۔ اس دن کیلے کے پودے کا پوجن کرنا شبھ ہوتا ہے۔ گورو (برہسپت) شانتی کے لئے "اوم گراں گریں گروں سہ گروے نمہ" منتر کی پانچویں مالا کا جاپ کریں۔ ادھیاپن میں وش مانش حصہ کا ۲۸ سمدھا و مدھو سرپی، گھی، ودھی کے ساتھ ہون کرنا چاہیئے۔

شکروار کے برت کا طریقہ

یہ برت دھن دولت، شادی، اولاد جیسے دنیاوی (مادی) سکھوں کو دینے والا ہے۔ اکثر شکل پکش کے پہلے شکروار سے شروع کیا جاتا ہے۔ ساون ماہ کے پہلے شکروار کو برت شروع کرنے سے (باقی صفحہ ۶۵ پر)

بقیہ:- گرہوں کی شانتی کیلئے سات واروں کے برت کا طریقہ

صفحہ ۱۹ کا ...

خاص طور پر لکشمی کی کرپا رہتی ہے۔ برت کے دن اشنان کرکے سفید کپڑے پہن کر شری لکشمی دیوی کی دھوپ (دیپ) سفید چندن، چاول، سفید پھول، چینی سپاری سے پوجا کرکے بچوں میں سفید مٹھائی، کھیر اور پھل وغیرہ بانٹ دیں گرہ شانتی کے لئے "اوم دراں دریں دروں سہ شکرائے نمہ" کی تین مالا کا پاٹھ کریں۔ خود بھی ایک وقت کھیر وغیرہ سفید چیزوں کا استعمال کریں نمک استعمال نہ کریں۔ ادھیاین اور ہون وغیرہ کے بعد برہمن بالکوں کو کھیر، چاول وغیرہ کا بھوجن کرانے اور سفید کپڑے چینی چاول، چاندی پھل وغیرہ سفید اشیاء کا دان کریں۔

سینیچر وار کے برت کا طریقہ

یہ برت شنی گرہ کی ارشٹ شانتی کے لئے ہے اور پرانے و پیچیدہ امراض، دشمن کے خوف، اقتصادی کرائسیس، ذہنی سراسیمگی و پریشانی سے نجات دلاتا ہے۔ علاوہ ازیں یہ دھن دولت اور بیوپار میں توسیع و ترقی کا ضامن ہے۔ یہ برت شکل پکش کے شنی وار بالخصوص ساون ماہ کے شنی وار کو لوہے سے بنی شنی کی مورتی کو پنچامرت سے اشنان کراکے دھوپ، سوگندھ، نیلے پھول، پھل اور نیویدھ وغیرہ کے پوجن سے شروع کرنا چاہیئے۔ اور "اوم شن شنیچرائے نمہ" منتر کی تین مالا کا جاپ کریں۔ برت کے دن نیلے کپڑے پہنیں۔ ایک برتن میں شدھ جل، کالے تل، نیلے پھول، لونگ، تیل، گنگا جل دودھ ڈال کر مغرب کی طرف منہ کرکے پیپل کی جڑ میں ڈال دیں۔ اس کے بعد شنی جی کی آرتی اتاریں۔ ۱۹ شنی وار کرنے کے بعد ادھیاین کے وقت شنی ستوتر کا پاٹھ، جوتے، جراب، نیلے رنگ کا وستر، کالے ماش، چاقو اور تیل سے بنی اشیا کا دان کسی بوڑھے برہمن کو دیں اور خود بھی اڑد (ماش) وغیرہ اور تیل سے بنی چیزوں کا استعمال کریں۔

راہو کی شانتی:- کے لئے بھی شنی وار کا برت متذکرہ بالا طریقہ سے کریں اور دان میں ناریل، بھورا کمبل یا وستر دیں۔

علاوہ ازیں پرندوں کو باجرہ ڈالنا چاہیئے۔ راہو کے بیج منتر کا پاٹھ کرنا اچھا ہوگا۔

کیتو گرہ کی شانتی کے لئے کیتو کے بیج منتر "اوم سراں سریں سروں سہ کیتوے نمہ" کی پانچ مالا کا جاپ اور پوجن منگلوار کے برت جیسا کرنا چاہیئے۔

ستناجا

کالے ماش (اڑد) مونگ گیہوں، چنے، جو، چاول اور کنگنی

آٹھ کندہ:- اگر، تگر، کستوری، کنگم، کپور، چندن، لونگ، گوردچن

مزید تفصیلات حاصل کرنے کے لئے پنڈت پنالال جیوتشی ایم اے جنرل بک ڈپو اڈا ہوشیار پور کو خط لکھیں۔

برہسپت دشا پھل:-

برہسپت کی دشا میں گیان لابھ، دھن، کپڑے داہن لابھ، گلے کا روگ، پھوڑے پھنسیاں وغیرہ سے دکھ ہو۔ میکھ راشی میں برہسپت ہو تو اسکی دشا میں افسری، تعلیم استری دھن پتر کی پراپتی، مان عزت پائے۔ برکھ میں ہو تو مریض، غیر ملک میں قیام، مالی نقصان۔ متھن میں ہو تو مخالفت، کلیش، دھن کا ناش کرک میں ہو تو حکام سے لابھ، عیش و عشرت اور آرام و آسائش کا حصول، شہرت و عزت ملے۔ دوستی، اعلیٰ رتبہ اور وظیفہ ملے۔ سنگھ میں ہو تو بادشاہ سے عزت پائے استری پتر رشتہ دار لابھ۔ خوشی، اناجوں اور دھن دولت سے مالا مال۔ کنیا میں ہو تو رانی کی بدولت دھن لابھ۔ حکومت میں یوگ دان دینا، سفر، جھگڑا۔ تلا میں ہو تو بھوڑا پھنسی عقلمندی، ذہانت اور اندرونی اہلیت کی کمی، بے عزتی، ہودشنی بڑھے۔ برشچک میں ہو تو پتر لابھ، صحتمندی، دھن لابھ، سارے قرضہ کی ادائیگی دھن راشی میں ہو تو سینا پتی، وزیر، نمبر شپ، اعلیٰ مراتب، کمر لابھ، مکر میں ہو تو مالی کشٹ، پوشیدہ امراض، کنبھ میں ہو تو راجہ سے عزت اور مان، اسمبلی یا پارلیمنٹ کا ممبر، تعلیم و دولت کا حصول۔ مالی سکھ مین میں ہو تو تعلیم دولت، استری پتر سکھ، خوشی حاصل ہو۔

شکر دشا کا پھل:-

شکر کی دشا میں رتن، وستر، زیورات، عزت و ناموس، نئے کام کی شروعات، کام پیڑا لیکن موسیقی سے لطف اندوز ہونے کا پھل حاصل ہو۔ میکھ راشی میں شکر ہو تو من میں چنچلتا، غیر ملکی سفر، گھبراہٹ، غصہ حسد، پرائی عورت سے محبت دھن ہانی۔ برکھ میں ہو تو تعلیم کا حصول، دھن کنیا سکھ کی حصولیابی۔ متھن میں ہو تو شعر و شاعری سے رغبت، خوشی، دھن لابھ، پتر ہانی، مویشیوں سے لابھ کنیا میں ہو تو مالی سنکٹ، دکھی، غیر ملکی سفر، استری پتر سے مخالفت کا سامنا۔ تلا میں ہو تو شہرت ملے، غیر ملکی سفر، بے عزتی بھی ہو۔ برشچک میں ہو تو پرتاپ وان، کلیش، دھن ہانی، سکھ، چنتا، استری تکلیف ہو۔ دھن راشی میں ہو تو شعر و شاعری کا رجحان، اہلیت میں اضافہ، راجہ سے عزت مان ملے پتروں سے پیار۔ مکر میں ہو تو چنتا، کشٹ، ذات کف سے روگ۔ کنبھ میں ہو تو پرائی استری سے محبت، روگ، کشٹ، دھن ہانی اور مین دشا میں ہو تو راجہ سے دھن لابھ، بیوپار سے لابھ، کاروبار میں توسیع و ترقی، نیتا گری وغیرہ پھلوں کا حصول ہو۔

شنی دشا پھل:-

بلوان شنی کی دشا میں جاتک کو دھن، جن، سواری پرتاپ، سفر، عزت، شہرت کے علاوہ روگ وغیرہ پھل حاصل ہوں۔

میکھ راشی میں شنی ہو تو شنی کی دشا میں آزادی، باہر قیام، نازک جگہ پر روگ، چوٹ، روگ، کسی رشتہ دار سے جدائی۔

برکھ میں ہو تو کوششوں میں کمی، وایو پیڑا جھگڑا کلیش، دست کے روگ، راجہ سے عزت مان، فتح حاصل ہو۔ متھن میں ہو تو قرضہ، کشٹ، چنتا، غلامی۔ کرک میں ہو تو آنکھ کان کے روگ، رشتہ دار سے جدائی۔ دکھ، مصیبت۔ افلاس، سنگھ میں ہو تو روگ، کلیش، اقتصادی مشکلات۔ کنیا میں ہو تو مکان کی تعمیر، زمین لابھ سکھ ملے۔ تلا میں ہو تو اناج دھن کا حصول۔ فتح حاصل ہو، خوشی ملے۔ عیش و عشرت کا سامان ملے۔ برشچک میں ہو تو سفر، کمینہ پن، کنجوسی، پیچ سنگت، معمولی اقتصادی تکلیف۔ دھن میں ہو تو راجہ سے عزت و احترام، پبلک میں شہرت ہو

ہاتھ کی لکیروں کے ذریعہ پیش گوئی کرنا

ہاتھ کی مختلف ریکھاؤں سے کسی بھی شخص یا عورت کے میلانات، شخصیت اندرونی جذبات اور زندگی کے گذشتہ حالات و آنے والے حالات کے بارے میں بتایا جاسکتا ہے۔ ہاتھ میں پائی جانے والی چار اہم ریکھاؤں، جیون ریکھا، دماغ ریکھا دل کی ریکھا اور بھاگیہ ریکھا کا احوال گذشتہ برس کی جنتری کے صفحہ ۱۷ پر دیا جا چکا ہے۔ چند مزید مہتم ریکھاؤں کی جانکاری نیچے دی جارہی ہے۔

۵۔ سورج ریکھا:- یہ ریکھا بھاگیہ ریکھا کی طرح چند بر پربت سے ہتھیلی کے درمیان سے یا منگل پربت سے ماتری ریکھا اور دل کی ریکھا سے نکلتی ہے اور سورج پربت کی طرف انامیکا انگلی کی جڑ تک جاتی ہے اسے پنیہ ریکھا، دھن ریکھا، ودیا ریکھا سورج ریکھا وغیرہ بھی کہا جاسکتا ہے انسانی زندگی پر اس کی اہمیت بھی کم نہیں ہے۔ بھاگیہ ریکھا کسی کے ہاتھ میں نہ ہونے سے سورج ریکھا ہی بھاگیہ ریکھا کا کام کرتی ہے۔ اگر یہ ریکھا لمبی ہو تو وہ شخص دھنوان، عالم اور شہرت یافتہ ہوتا ہے اگر ٹوٹی پھوٹی ہو تو ایسا شخص غریب، قلاش (فضول خرچ) اور روپے پیسے کے بغیر پریشان رہنے والا ہوتا ہے اگر یہ ریکھا انامیکا انگلی کی جڑ والے حصہ میں کافی گہری ہو تو ایسا شخص کافی عزت اور وقار والا ہوتا ہے۔ کٹی پھٹی ہو تو عزت میں کمی واقع ہوتی ہے اگر یہ ریکھا مدھیم ہو تو پھیل درمیانہ ہوتا ہے۔ اگر برہسپت، سورج شکر کے پربت اچھے اٹھے ہوئے ہیں اور بھاگیہ ریکھا اچھی ہو اس کے ساتھ ساتھ سورج ریکھا بھی ہو تو ایسے شخص کو کسی رشتہ دار، بہبندھی کی جائیداد حاصل ہوتی ہے۔

۶۔ صحت ریکھا:- اس ریکھا کو بدھ ریکھا، بکپرت ریکھا یا اروگیہ ریکھا وغیرہ کے نام سے پکارتے ہیں۔ بعض آچاریہ صحت ریکھا یا بدھ ریکھا کو الگ الگ ریکھا میں بتاتے ہیں لیکن کثرت رائے یہی ہے کہ صحت کی ریکھا ہی بدھ ریکھا ہے اور حقیقت بھی یہی ہے کیونکہ دونوں ریکھاؤں کے شروع ہونے کا مقام اور پہنچنے کا مقام ایک ہی ملتے جاتے ہیں۔ صحت ریکھا کا آغاز بھی منی بندھ سے یا اس کے اوپر سے چند رستھان یا جیون ریکھا وغیرہ سے ہوتا ہے۔ زیادہ تر یہ ریکھا جیون ریکھا یا اس کے نزدیک سے چل کر بدھ کشتر تک جاتی ہے۔ صحت ریکھا کا ہاتھ میں نہ ہونا زیادہ شبھ مانا گیا ہے لیکن اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ اس ریکھا کے ہاتھ میں ہونے سے پھل خراب ہی ہوتا ہے تاہم اگر صحت ریکھا چھوٹی ہو یا نہ ہو تو وہ شخص صحت مند رہتا ہے۔ اگر یہ ریکھا ٹوٹی پھوٹی ہو یا کٹی پھٹی ہو تو متعلقہ شخص کو یہ روگی بناتی ہے۔

اگر صحت ریکھا منی بندھ کے نزدیک سے نکل کر بغیر ٹوٹے پھوٹے گہری صاف اور سیدھی ہو کر بدھ پربت تک جاتی ہو تو ایسا شخص صحتمند، عقلمند، شہرت یافتہ اور عیش پرست ہوتا ہے۔ صحت ریکھا کے ساتھ ساتھ اگر سورج ریکھا اور بھاگیہ ریکھا بھی اتم ہو تو وہ شخص ہمیشہ سکھی رہ کر ہر کام میں کامیابی حاصل کرتا ہے اس کے ساتھ ہی اگر بدھ پربت بھی اونچا اٹھا ہوا ہو تو وہ شخص صحت مند، طاقتور ہو کر آزادانہ کاروبار کر کے دھن دولت اور شہرت حاصل کرتا ہے۔ اگر صحت ریکھا مکمل نہ ہو کر دماغ ریکھا اور دل کی ریکھا کے درمیان ہی دکھائی دے کر ان دونوں کو ملا دیتی ہو تو ایسا شخص دماغی امراض میں مبتلا رہتا ہے اسے عموماً بخار بھی رہتا ہے۔ صحت ریکھا اگر بال کے مانند باریک و پتلی ہونے کے ساتھ ساتھ صاف اور واضح طور پر دکھائی دیتی ہو تو ایسا شخص بے رحم ہوتا ہے۔

۷۔ وواہ ریکھا:- چھوٹی انگلی کے نیچے بدھ پربت کے باہری حصے سے ایک چھوٹی سی ریکھا بدھ پربت کی طرف دل کی ریکھا کے اوپر سے چلتی ہوئی دکھائی دیتی ہے کسی کسی ہاتھ میں ایسی ایک سے زیادہ ریکھائیں بھی ہوتی ہیں ان کو وواہ ریکھا کہتے ہیں۔ ہر مرد عورت کے دماغ میں اپنے رفیق حیات (جیون ساتھی) کی خواہش ہونا قدرتی ہے اور اسی خواہش کی تکمیل یا عدم تکمیل کا وچار اسی ریکھا سے کیا جاتا ہے۔ بہت ریکھا دیکھتے وقت اس ریکھا کی بھی بہت زیادہ اہمیت ہوتی ہے۔ مختلف حالات اور دوسری ریکھاؤں کے زیر اثر یہ ریکھا مختلف پھل دیتی ہے۔ جو وواہ ریکھا صاف، واضح گہری اور لمبی ہو وہ شادی ہونے کی مظہر ہے جبکہ کٹی پھٹی، باریک، ٹوٹی ہوئی یا بہت چھوٹی وواہ ریکھا بیاہ شادی کا چرچا چلنے پر یہ سمبندھ ہو کر کسی وجہ سے شادی نہ ہونے یا تعلق ختم ہونے تک محدود ہوتی ہے یا ایسے عورت و مرد کسی وجہ سے ایک دوسرے سے دور رہتے ہیں اگر گہری ریکھا بھی بدھ پربت تک نہ پہنچے تو یہ مزید بیویاں ہونے کی مظہر ہے۔ وواہ ریکھا جتنی گہری صاف اور واضح بدھ پربت تک پہنچے اس لڑکے کی اتنی ہی شادیاں ہونے کا لوگ سمجھنا چاہیئے۔ یہ ریکھا جتنی صاف اور واضح ہوگی۔ پیار و محبت کا سمبندھ اتنا ہی دیرپا ہوگا۔ کبھی کبھی ایسا بھی دیکھنے میں آتا ہے کہ وواہ ریکھا کے ہوتے ہوئے بھی متعلقہ شخص کا وواہ نہیں ہوتا لیکن ایسا ہونے کے باوجود بھی اس شخص کے کسی کنواری لڑکی یا شادی شدہ عورت سے پریم سمبندھ ضرور ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے ہاتھ میں وواہ ریکھا باہر کی طرف زیادہ لمبی و گہری ہوتی ہے جبکہ یہ بدھ کی طرف کمزور ہوتی ہے۔ وواہ ریکھا میں باہر کی طرف اگر جو کا نشان ہو تو ایسے شخص کا اپنی عورت کے ساتھ کچھ وقت تک اچھا سمبندھ ہوتا ہے اس کے بعد بیوی کے کارن ہی (اس سے جدائی یا لڑائی جھگڑے کے کارن) دکھ اٹھانا پڑتا ہے۔

۸۔ سنتان ریکھا:- سنتان ریکھاؤں کے متعلق بھی وداوانوں اور ہست ریکھا کے ماہرین میں اختلاف رائے ہے۔ بعض آچاریوں کا کہنا ہے کہ انگوٹھے کی جڑ میں سنتان ہونے کی ریکھا ہوتی ہے اس میں جو ریکھا موٹی، صاف اور گہری ہوگی وہ لڑکا ہونے کی مظہر ہوگی جبکہ پتلی اور چھوٹی سنتان ریکھا بیٹی کا ہونا ظاہر کرے گی۔ ٹوٹی پھوٹی اور کٹی پھٹی ریکھا ہو تو وہ حمل کے گر جانے یا کم عمر سنتان ہونے کی نشاندہی کرتی ہے۔ بعض ماہرین کا کہنا ہے کہ منی بندھ سے انگوٹھے کی جڑ تک شکر پربت پر جو کھڑی ریکھائیں ہیں۔ وہی سنتان ریکھائیں قرار دی جاسکتی ہیں ان میں سے صاف، گہری اور لمبی ریکھا بیٹے پتلی، چھوٹی اور دوسکھی ریکھا بیٹی ہونے کی مظہر ہوتی ہے۔ کٹی پھٹی۔ ٹوٹی پھٹی

غیر واضح ریکھا حمل کر جائے یا سنتان ہانی کو ظاہر کرتی ہیں۔ کئی آچاریہ منی بندھ سے دل کی ریکھا کے بیچ میں پڑی ریکھاؤں کو سنتان ریکھا کہتے ہیں۔ ان میں متذکرہ لکشنوں کے لئے بیٹے یا بیٹی کی پیدائش کا وچار کیا جا سکتا ہے۔ بعض ماہرین بدھ برہسپت پردواہ ریکھا ہے اس پر چھوٹی چھوٹی بال برابر ریکھائیں ہوتی ہیں جنکو سنتان ریکھائیں کہتے ہیں۔ ان میں زیادہ واضح بیٹے اور پتلی ریکھا بیٹی کی مظہر ہوتی ہے بعض ماہرین کا کہنا ہے کہ انگوٹھے کی جڑ میں جتنے جو ہوں اتنے ہی بیٹے پیدا ہوتے ہیں۔ یہ پھل داہنے ہاتھ سے سمجھنا چاہیئے۔ بائیں میں ہو تو اتنی بیٹیاں ہوتی ہیں کٹے پھٹے اور غیر واضح جو گرہ ہانی یا کم عمر سنتان کی نشاندہی کرتے ہیں جو بڑے ہوں اور صاف واضح ہوں وہی جو لمبی عمر والی سنتان کے مظہر ہوتے ہیں۔ عورت اور مرد دونوں کے ہاتھوں کو دیکھکر ہی اُن کی سنتان کے بارے میں بتایا جانا چاہیئے کیونکہ دونوں کے سنجوگ کے بغیر سنتان نہیں ہو سکتی۔

۹- بھائی بہن ریکھا:-

بعض ماہرین کی رائے کے مطابق انگوٹھے کی جڑ سے منی بندھ کے نزدیک تک کی سنتان ریکھائیں ہی بہن بھائی ریکھا ہوتی ہیں جبکہ بعض دیگر منی بندھ سے دل کی ریکھا کے بیچ چندر منگل پربت پر ہونے والی ریکھاؤں کو ہی بھائی بہن ریکھا تسلیم کرتے ہیں اور حقیقت بھی یہی ہے کیونکہ منگل ہی بھرتری کارک گرہ کہا گیا ہے لہٰذا منگل پربت اور چندر پربت پر کی ریکھائیں ہی بھائی بہن کی مظہر ہوتی ہیں۔ ان میں سے واضح گہری اور صاف ریکھائیں بھائی کی اور پتلی چھوٹی ٹیڑھی اور دو مکھی ریکھائیں بہن کی نشاندہی کرتی ہیں۔ منگل پربت اچھا اٹھا ہونے کی صورت میں ان ریکھاؤں کے باریک پتلی یا نہ ہونے پر بھی یہ بھائی کی مظہر ہوتی ہیں۔ اس کے برعکس منگل پربت دبا ہونے پر گہری اور واضح ریکھائیں بھی زیادہ بہن یا مرے ہوئے بھائی کی مظہر ہونگی۔ کٹی پھٹی اور غیر واضح ریکھائیں بہن بھائی کی ہانی یا اُن کے نہ ہونے کی نشاندہی کرتی ہیں باریک و کالے رنگ کی ریکھا سے بھائی بہن کو کلنک ہوتا ہے۔

۱۰- منی بندھ ریکھائیں:-

صاف یا دھندلی ہو کر منی بندھ کے مقام پر ایک دوسرے کے متوازی پڑی ہوئی دکھائی دینے والی ریکھائیں منی بندھ ریکھائیں ہوتی ہیں جو ہتھیلی کو الگ سی کرتی ہوئی معلوم پڑتی ہیں۔ اگر یہ ریکھائیں صاف، سُندر، گہری اور سیدھی ہوں تو اُس شخص کی صحت اچھی ہوگی کسی کسی کے ہاتھ میں یہ ریکھائیں ایک دو تین یا پانچ بھی ہو سکتی ہیں۔ زنجیر نما ہونے سے اُس شخص کی زندگی سخت محنت سے گزرے گی۔ یعنی سخت محنت کے بعد ہی دھن دولت حاصل ہوگا۔ لیکن ایسا شخص ٹھاٹ باٹ کی طور پر کافی ترقی کر سکتا ہے۔ ایسی ریکھا کسی عورت میں ہونے کی وجہ سے وہ غریب اور بے قاعدہ زندگی بسر کرے گی۔ منی بندھ کی پہلی ریکھا سے (جو ہتھیلی کی طرف ہو) عمر دھن، دولت اور شہرت کی جانکاری ملتی ہے جبکہ دوسری ریکھا سے تعلیم، شاستر بیوپار اور نیسری و چوتھی ریکھا سے دھرم، سنتان اور بھگتی سُکھ کا گیان ہوتا ہے انہیں سے جو ریکھائیں صاف، شدھ گہری اور واضح ہوں اُن سے سمبندھت پھل شبھ ہوتے ہیں بصورت دیگر پھل خراب ہوتا ہے۔ اگر پہلی لڑی پوری صاف واضح اور گہری تین منی بندھ ریکھائیں ہوں تو وہ شخص دھن، دولت والا ہر طرح سے سُکھ و آرام والا جیسا ہوگا۔ اگر یہ ریکھائیں چار ہوں تو وہ شخص بادشاہ ہوتا ہے دو ریکھائیں ہوں تو دولت مند اور ایک ریکھا ہو تو دولت کی کمی اور دکھی زندگی بسر کرنے والا ہوتا ہے۔

عورتوں کی ہتھیلی کے نشانات

۱- جس عورت کے ہاتھ میں مچھلی کا نشان ہو وہ خوش قسمت اور دولت مند ہوتی ہے۔

۲- ہتھیلی میں سواستک نشان والی عورت رانی ہوتی ہے۔

۳- اگر راج محل کا نشان ہو تو ایسی عورت چکرورتی راجہ کی رانی ہوتی ہے شنکھ، اچھتر اور کچھوے کے نشان والی عورت راج ماتا ہوتی ہے ہاتھی، گھوڑے، بیل، مندر اور دھرنشان والی عورت دھرماتما ہوتی ہے اور دو دان پتر کو جنم دینے والی ہوتی ہے۔

۴- جس عورت کے ہاتھ میں ترازو کا نشان ہو، وہ بیوپاری کی پتنی ہوتی ہے۔ ہل یا گاڑی کے نشان والی عورت کسان کی بیوی جبکہ چامر، انگشن اور دھنش کے نشان ہونے پر ایسی عورت ضروری طور پر راج رانی ہوتی ہے۔ ترشول، گدا، تلوار شکتی والی ہونے اور دان دینے سے شہرت حاصل کرتی ہے۔ اسی طرح شبھ دیگر نشانات ہونے سے وہ عورت راج کرتی ہے، ماہر تعلیم اور پردھان منتری ہو سکتی ہے۔

۵- ہاتھ میں کیکڑ، مینڈک، بچھو، سانپ، گدھا، اونٹ اور بلی وغیرہ کا نشان ہونے سے وہ عورت دوسروں کو دکھ دینے والی بدقسمت ہوگی۔

ہاتھ میں تل کا نشان

تل کا نشان جس ریکھا یا پربت پر ہوگا اس کے شبھ پھل کو دوگنا کر دیتا ہے، بالخصوص داہنے ہاتھ میں جو کے مٹھی کے اندر چڑھ جاتا ہے، تو ایسا تل لاٹانی دھن دولت اور جائیداد دینے والا ہوتا ہے۔ وہ اپنے خاندان اور حالات کے مطابق ضروری طور پر دولت حاصل کرتا ہے۔ بائیں ہاتھ میں تل ہونے سے خرچ میں اضافہ کرکے دکھ، تکلیف اور پریشانی لانے والا ہوتا ہے۔

گمشدہ چیز ملے گی یا نہیں

موجودہ تاریخ وار اور نکشتر کی تعداد کا جوڑ (میزان) کرکے جو تعداد حاصل ہو۔ اسمیں موجودہ پہر کی تعداد بھی جمع کر لیں۔ کل جوڑ کو ۸ سے ضرب دیکر ۷ سے تقسیم کر دیں، اگر باقی ایک بچے تو کھوئی ہوئی چیز زمین میں گاڑی ہوئی سمجھیں دو بچیں تو گمشدہ چیز کسی برتن میں رکھی ہوئی سمجھیں۔ ۵ بچیں تو گمشدہ چیز بھوسے میں چھپائی ہوئی سمجھیں۔ ۶ باقی بچیں تو گمشدہ چیز گوبر میں چھپائی ہوئی سمجھیں۔ ۷ بچنے پر گمشدہ چیز راکھ میں چھپائی ہوئی سمجھیں۔!



نوٹ

موجودہ دن کے طلوع آفتاب سے آئندہ دن کے طلوع آفتاب تک ۸ پہر ہوتے ہیں۔ ہر دن کے ۴ پہر اور ہر رات کے ۴ پہر ہوتے ہیں۔

شبھ کاموں کے دیکھنے کیلئے مہورت

وشاشول:۔ اگر صفر کو روانگی کے وقت وشاشول تو سفر نہ کریں۔ اگر فروس ہو تو اگر کوئی سوار دودھ، منگوا رہا ہو تو شبھ ہوتا ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو سفر اختیار نہیں کرنا چاہیئے۔ نقشہ ذیل میں دیکھیں۔

چندر مال: اگر جانے والی رشت میں چندر مال کا فاس سامنے یا اپنے ہو تو شبھ ہوتا ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو سفر اختیار نہیں کرنا چاہیئے۔ نقشہ ذیل میں دیکھیں۔

نام سمت	پورب	اتر پورب	اتر	اتر پچھم	پچھم	دکن پچھم	دکن	دکن پورب
رفاقیل	سوکھا میوہ، پھل	سیندور، ناریل	منگوا رہا ہو	پھل، اناج	کھلونا، اوزار	پیڑا، دوست	دہی، دودھ	سونا، زیور، ہتھیار
چندر مال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
مہورت	شبھ	شبھ	شبھ	شبھ	شبھ	شبھ	شبھ	شبھ

کیفیت

	شبھ مہورتم	شبھ یوگ	کیفیت
بچہ کا نام رکھنا	۲-۲-۵، ۸-۱۰-۱۲	سوبھاگیہ یوگ، ویدارشی یوگ	اشنی، روہنی، مرگشرہ، پنرنس، پشیہ، تینوں اتراہست، چترا سواتی، انورادھا، شرون، دھنشٹا، شتبھشا، پورو بھادرپد، اتر بھادرپد، ریوتی۔
منڈن کرنا	۳-۵-۱۰-۱	سوبھاگیہ یوگ، ویدارشی یوگ	اشنی، مرگشرہ، پشیہ، ہست، چترا سواتی، انورادھا، شرون، دھنشٹا، شتبھشا، پورو بھادرپد، اتر بھادرپد، ریوتی۔
جنیو یعنی ذات بندی	۲-۳-۵-۶-۱۰-۱۱-۱۲	اتوار، سوبھاگیہ، پریتی، شکر، ویدارشی یوگ	پرتھمہ کو ۵-۸-۱۰ برس کھتری کو ۱۱ تا ۱۲ برس ویش کو ۱۲-۲۴ برس میں بہتر ہے۔ میسکہ، جیٹھ، ہاڑ، ماگھ، پھاگن مہینہ ہو۔ ۵، ۸ پاپ گرہ نہ ہو۔
بچہ کو مکتب بٹھانا	۲-۳-۵-۶-۱۰-۱۱-۱۲	سوبھاگیہ، پریتی، شکر، ویدارشی یوگ ہو۔	اشنی، ہارا، پنرنس، پشیہ، ہست، چترا، سواتی، انورادھا، شرون، دھنشٹا، شتبھشا، پورو بھادرپد، اتر بھادرپد، ریوتی۔ جنم سے ۵، ۸ واں اور چھبیس برس شبھ ہے کوچ اتر اشن ۸ واں گھر شدھ ہو۔ ماگھ سے ہاڑ تک سورج اتر اشن ہوتا ہے۔
نیا مکان بنانا	۲-۳-۵-۷-۱۰-۱۱-۱۲	منگلوار اور اتوار نہ ہو۔	روہنی، مرگشرہ، پنرنس، ہست، چترا، سواتی، انورادھا، تینوں اتراشاڑھا، شرون، دھنشٹا، شتبھشا، پورو بھادرپد، اتر بھادرپد، ریوتی۔	بیساکھ، جیٹھ، ماگھ، پھاگن کا مہینہ ہو۔ سورج اتر اشن نہ ہو۔ پنچاں نہ ہوں، کیونکہ ترکوں شدید ہوں۔
نئے گھر میں داخل ہونا	۲-۳-۵-۶-۷-۱۰-۱۱-۱۲-۱۵	منگلوار اور اتوار نہ ہو	روہنی، ریوتی، اشنی کو اندر اتینوں اتراشاڑھا اور پرانے مکان کیلئے ہست، اشنی، کچھ بھی ہو۔ شرون، دھنشٹا، شتبھشا کے چوتھے حصہ میں ہو۔	جیسا کہ مہینہ، ماگھ، پھاگن کا مہینہ ہو۔ سورج اتر اشن نہ ہو۔ سورج اتر اشن ۸ واں گھر شدھ ہو۔ پنچاں نہ ہوں۔
